امر بالمعروف ونھی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز جمعرات 22 اکتوبر 2026 10 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 197

بلوچستان کو صرف کوئٹہ سے بیٹھ کر چلانا ایک بڑا انتظامی چیلنج ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبائی حکومت نے ڈویژنز کی تعداد 8 سے 12 اضلاع کی تعداد بڑھا کر 41 کردی ہے

بلوچستان کو مزید انتظامی اکائیوں، وسائل اور موثر بلدیاتی نظام کی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کو درپیش انتظامی و حکومتی چیلنجز سے نمٹنے، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی بہتر بنانے اور سرکاری خدمات عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لیے مزید انتظامی اکائیوں موثر بلدیاتی نظام اور اضافی وسائل کی ضرورت ہے۔ بلوچستان جیسے وسیع رقبے پر مشتمل صوبے کو صرف کوئٹہ سے بیٹھ کر چلانا ایک بڑا انتظامی چیلنج ہے، اس لیے ملک میں انتظامی تنظیم نو، نئے صوبوں کے قیام اور موجودہ نظامِ حکمرانی کا سنجیدہ جائزہ لینا ضروری ہے۔ صنوبر فاؤنڈیشن کے زیر

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

نئے صوبوں کے قیام پر قومی مباحثہ، سیاسی رہنماؤں کا انتظامی یونٹس بڑھانے پر زور

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں انتظامی تنظیم نو اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قومی

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

NATIONAL DEBATE ON
NISTRATIVE RESTRUCTURING OF PAKISTAN:
CREATING NEW PROVINCES

اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان کی انتظامی تنظیم نو اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قومی مباحثے میں شریک ہیں



اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی مالدیپ کے صدر محمد معیزو سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

وسطی افریقی جمہوریہ میں اقوام متحدہ کے امن دستوں کی موجودگی ناگزیر ہے، پاکستان

پاکستان نے وسطی افریقی جمہوریہ کے شمال مشرقی اور جنوب مشرقی علاقوں میں بگڑتی سیکیورٹی صورتحال پر تشویش کا اظہار کردیا، پاکستان کا مشکل حالات میں فرائض سرانجام دینے والے اقوامِ متحدہ کے امن اہلکاروں کو خراجِ تحسین

اقوامِ متحدہ میں پاکستان کے قائم مقام مستقل مندوب عثمان جدون کی سلامتی کونسل میں اہم بریفنگ، سی اے آر میں امن مشن کی مدت میں توسیع سے قبل مناسب فنڈنگ کی فراہمی پر پاکستان کا زور

اقوام متحدہ (یو این اے) پاکستان نے کہا ہے کہ وسطی افریقی جمہوریہ (سی اے آر) میں سیاسی اور سیکیورٹی کی صورتحال میں ہونے والی پیش رفت برقرار رکھنے کے لیے اقوام متحدہ کے امن دستوں کی مسلسل موجودگی ناگزیر ہے۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان کے قائم مقام مستقل مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل میں وسطی افریقی جمہوریہ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ مشکل سے حاصل کی گئی ان کامیابیوں کو محفوظ رکھنے کے لیے امن دستوں کی مسلسل موجودگی انتہائی ضروری ہے۔ مندوب نے ملک کے شمال مشرقی اور

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیرمملکت برائے داخلہ کی مالدیپ کے وزیر داخلہ سے ملاقات

ملاقات میں دوطرفہ تعلقات اور تعاون کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (یو این اے) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے مالدیپ کے وزیر داخلہ علی احسان نے اہم ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

خطے میں امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے

وزیر اعظم

پاکستان آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کیلئے اصولی مؤقف کی حمایت جاری رکھے گا، عالمی سطح پر تسلیم شدہ معاہدوں پر عملدرآمد تمام ملکوں کی ذمے داری ہے' شہباز شریف

بھرپور استقبال اور مہمان نوازی پر پاکستانی حکومت کا مشکور ہوں، دونوں ملکوں کے درمیان طے پانے والی 20 مفاہمتی یادداشتیں اہم پیش رفت ہیں، صدر مالدیپ ڈاکٹر معیزو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ پاکستان کا واضح موقف ہے کہ پانی ہماری ریڈ لائن ہے، پاکستان کا پانی روکنے کی کوئی بھی کوشش جنگی اقدام تصور ہوگا۔ مالدیپ کے صدر کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران شہباز شریف نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کا بھارتی فیصلہ ناقابلِ قبول ہے، عالمی سطح پر تسلیم شدہ معاہدوں پر عملدرآمد تمام ملکوں کی ذمے داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 11 سال بعد مالدیپ کے کسی صدر کا دورہ پاکستان اہمیت کا حامل ہے، مالدیپ کے طالب علموں کی بڑی تعداد پاکستانی اداروں میں زیرِ تعلیم ہے۔ شہباز شریف کا کہنا ہے کہ پاکستانی ڈاکٹر اور طبی عملہ مالدیپ میں خدمات انجام دے رہا ہے، 2 سال میں دوطرفہ

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)



وزیراعظم شہباز شریف پاکستان اور مالدیپ کے درمیان وفود کی سطح پر مذاکرات کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کشمیر چوک انڈر پاس جلد ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا: محسن نقوی

اسلام آباد میں ٹریفک کی روانی اور سیف سٹی کے دائرہ کار میں اضافہ کیا جارہا ہے، وزیرداخلہ

اسلام آباد (اے این این) وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کشمیر چوک انڈر پاس جلد ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا۔ وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے، پارکس کی

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیرِاعظم ہاؤس میں مالدیپ کے صدر کے اعزاز میں استقبالیہ، گارڈ آف آنر پیش

اسلام آباد (جی این ایم) مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے اعزاز میں وزیرِ اعظم ہاؤس میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم/ وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معزو ملاقات کر رہے ہیں

بدر مفاہمتی یادداشت، پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا کے دفاعی معاہدے پر دستخط

''بدر مفاہمتی یادداشت'' کا مقصد فوجی پیداوار، دفاعی صلاحیتوں اور فوجی تربیت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے

واضح رہے کہ ترکیہ نے اگست میں پاکستان اور سعودی عرب کے ساتھ بھی باہمی دفاعی معاہدہ کیا تھا، جس کے تحت کسی ایک فریق پر حملے کو تمام فریقوں پر حملہ تصور کیا جائے

اسلام آباد (اے این این) ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا نے دفاعی تعاون بڑھانے اور اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کردیے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس تاریخی معاہدے ''بدر مفاہمتی یادداشت'' پر دستخط کی تقریب قطر کے دارالحکومت دوحہ میں منعقد ہوئی۔ اس مفاہمتی یادداشت پر پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف، ترکیہ کے وزیر قومی دفاع یاشار گولر، قطر کے نائب وزیرِ اعظم اور وزیرِ مملکت برائے دفاعی امور شیخ سعود بن عبدالرحمن بن حسن الثانی اور انڈونیشیا کے نائب وزیرِ دفاع یوسف جوہری نے

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مالدیپ کے صدر عالی محمد معزو ملاقات کر رہے ہیں

پی سی ایم ایل ایف کا الیکشن، کاغذات نامزدگی آج جمع ہوں گے

پینل وائز کاغذات نامزدگی جمع کرائی جائے گی، پولنگ پانچ نومبر کو ہوگی: چیئرمین الیکشن کمیٹی عرفان اللہ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے انتخابات پانچ نومبر کو کوئٹہ میں منعقد ہوں گے۔ اس حوالے سے الیکشن کمیٹی نے شیڈول جاری کردیا ہے۔ چیئرمین الیکشن کمیٹی عرفان اللہ کی جانب سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق الیکشن میں حصہ لینے کیلئے پینل وائز کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی تاریخ 22 اور 23 اکتوبر 2026 مقرر کی گئی ہے اور کاغذات صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر اوستہ کا غیر حاضر اساتذہ کے خلاف سخت اقدام، 22 اساتذہ کی معطل

حکام کو ہدایت کی گئی کہ غیر حاضری کے معاملے پر مؤثر کارروائی عمل میں لاکر تمام تفصیلات سے آگاہ کریں

گنداخہ (اے این این) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کے ماہانہ اجلاس میں تعلیمی اداروں سے مسلسل غیر حاضر رہنے والے 22 اساتذہ کے خلاف معطلی اور انکوائری کا فیصلہ کیا گیا، جبکہ محکمہ تعلیم کے حکام کو ہدایت کی گئی کہ غیر حاضری کے معاملے پر مؤثر کارروائی عمل میں لاکر آئندہ اجلاس میں رپورٹ پیش کی جائے۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شبیر احمد لانگو، اسسٹنٹ کمشنر ماریہ

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

تربت، بلیدہ کے علاقے گیشکور ندی ریکو سے 2 نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

لاشیں شناخت اور ضابطے کی کارروائی کے لیے مقامی ہسپتال منتقل، پولیس کی تفتیش جاری

تربت (یو این اے) ضلع کیچ کے علاقے بلیدہ کی ندی گیشکور ریکو سے دو نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، جس کے بعد علاقے میں سنسنی پھیل گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقامی افراد کی اطلاع پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر گیشکور ندی ریکو سے دونوں نامعلوم لاشوں کو تحویل میں لے کر فوری طور پر پرائمری ہیلتھ کیئر سینٹر / اسپتال بلیدہ منتقل کر دیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ دونوں لاشوں کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی ہے، جس کے لیے انہیں

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

سردی شروع ہوتے ہی کوئٹہ میں لوڈشیڈنگ بڑھ گئی، شہری شدید مشکلات کا شکار

ہدہ، سریاب، جوائنٹ روڈ، ریلوے ہاؤسنگ سوسائٹی بروری سمیت مختلف علاقوں میں طویل بجلی بندش، شہریوں کا احتجاج

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں موسم سرد ہوتے ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ میں اضافے کی شکایات سامنے آنے لگی ہیں، متعدد علاقوں میں بجلی کی بندش کا دورانیہ روزانہ 8 سے 10 گھنٹے تک پہنچنے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں نے کیسکو حکام سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ اور بجلی کی فراہمی کا شیڈول واضح کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین صورتحال اختیار کر گیا

کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار 330 روپے تک پہنچ گیا ہے، بلوچستان حکومت پاسکو سے اب تک ایک لاکھ بوری گندم بھی نہیں خرید سکی، ذرائع

پاسکو سے گندم خریدنے کیلئے بات چیت کر رہے ہیں، آٹے کی قیمت کا تعین اور ریٹ پر عمل درآمد کرانا محکمہ انڈسٹریز اور ڈپٹی کمشنرز کا کام ہے، سیکریٹری خوراک

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین صورتحال اختیار کرگیا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان حکومت پاسکو سے اب تک ایک لاکھ بوری گندم بھی نہیں خرید سکی، پچھلے کئی ماہ سے محکمہ خوراک بلوچستان اور پاسکو کے درمیان صرف بات چیت ہی چل رہی ہے۔ دوسری جانب مارکیٹ ذرائع نے بتایا کہ کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 3 ہزار 330 روپے تک پہنچ گیا ہے، خضدار

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی میں ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں، جام کمال

حکومت لائیواسٹاک میں بیماریوں کی روک تھام، بہتر افزائشِ نسل، سرمایہ کاری اور ویلیوایڈڈ برآمدات کے فروغ کے لیے کوشاں ہے

پاکستان کی برآمدات میں تنوع، ویلیوایڈڈ مصنوعات کے فروغ اور نئی عالمی منڈیوں تک رسائی حکومت کی ترجیحات ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کی زیر صدارت برآمد کنندگان، صنعت کاروں اور کاروباری برادری کے نمائندوں کے اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس میں پاکستان کی برآمدات بڑھانے، صنعتی مسابقت بہتر بنانے اور برآمد کنندگان کو درپیش مسائل کے حل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ برآمد کنندگان کے مسائل پر قابلِ عمل سفارشات تیار کرکے وزیر اعظم

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد سپر لانگ مارچ 23 اکتوبر کو شروع ہو جائے گا، جماعت اسلامی

جماعت اسلامی اپنے اصولی موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گی، نائب امیر لیاقت بلوچ

لاہور (جی این ایم) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ 23 اکتوبر اسلام آباد سپر لانگ مارچ کے تیسرے مرحلے کا آغاز ہوجائے گا۔ لیاقت بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ امیر جماعت اسلامی کی لانگ مارچ کے تیسرے مرحلے کے آغاز کی ملک گیر احتجاج کی کال بروقت اقدام ہے۔ 23 اکتوبر جمعہ کو ضلعی ہیڈکوارٹرز پر پرامن احتجاج ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ رانا ثنا اللہ اور احسن اقبال نے تجویز کیا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات سے پہلے مذاکراتی کمیٹیوں کے نمائندے مل بیٹھیں اور دونوں مذاکراتی کمیٹیاں مذاکرات کی سفارشات کو حتمی شکل دے دیں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ ابھی تک حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی جانب سے معاملے میں پیش رفت کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ جماعت اسلامی پیٹرول پر فی لٹر لیوی بھتہ کے خاتمے سے عوام کو ریلیف دلانے کی جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اپنے اصولی موقف سے

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستانی اور سعودی انویسٹرز کی ایک دوسرے کو رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کی دعوت

لاہور (جی این ایم) لیک سٹی گالف اینڈ کنٹری کلب میں سعودی پاک رئیل اسٹیٹ ایکسپو کا انعقاد کیا گیا۔ ایکسپو میں شریک پاکستانی سرمایہ کاروں نے سعودی انویسٹرز کو پاکستان میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری کی دعوت دی جبکہ سعودی رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری کی خواہش کا اظہار کیا۔ ایکسپو کی افتتاحی تقریب میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، چیئرمین سعودی پاک بزنس کونسل پرنس منصور بن محمد السعود، سابق نگران وفاقی وزیر گوہر اعجاز، معروف صنعتکار عارف حبیب سمیت دیگر اہم کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

کرسی اور اقتدار کی سیاست ہمارا مقصد نہیں بلکہ عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت ہے، عاصم کرد

حلقہ انتخاب کی عوام علاقائی مسئلہ مسائل کے خاتمہ امن خوشحالی ترقی چاہتے ہوئے خوشحال زندگی بسر کررہی ہے

سبی (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو و پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما میر عاصم کرد گیلو نے کہا ہے کہ کرسی اور اقتدار کی سیاست ہمارا مقصد نہیں بلکہ عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت ہے حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان کی ترقی اور عوام کے معیار

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی، رند اور لہڑی اقوام کے درمیان پانی تقسیم پر فائرنگ سے دو سگے بھائی زخمی

پولیس نے موقع پر پہنچ کر دونوں زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کردیا ملزمان کی گرفتاری کیلئے کوشش جاری

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کوٹ پلیانی میں رند اور لہڑی اقوام کے درمیان پانی تقسیم پر فائرنگ سے دو سگے بھائی زخمی ہوگئے جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہوگئے تفصیلات کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ بابا کوٹ کے حدود کوٹ

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

سہیل آفریدی کی مبینہ حراست کیخلاف درخواست پر اعلیٰ حکام سے رپورٹ طلب

پشاور (جی این ایم) پشاور ہائیکورٹ نے سہیل آفریدی کی مبینہ حراست کے خلاف درخواست پر تحریری حکم نامہ جاری کردیا۔ عدالتی حکم کے مطابق سہیل آفریدی کی بازیابی کے لیے ان کے بھائی محمد عامر نے درخواست دائر کی جس میں درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ سہیل آفریدی کو غیر قانونی حراست میں رکھا گیا ہے، ایمرجنسی یا گورنر راج میں بھی وزیراعلیٰ کی غیر قانونی حراست کا کوئی جواز نہیں۔ عدالت نے فریقین سے استفسار کیا کہ وزیراعلیٰ گرفتار ہیں یا کسی مقدمے میں نامزد ہیں۔ عدالت نے اس حوالے سے آئی جی، سی سی پی او، چیف سیکرٹری اور سیکرٹری داخلہ سے رپورٹ طلب

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

بیرسٹر گوہر نے پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا

میری علی امین گنڈاپور، شیخ وقاص اکرم، علی اصغر خان اور سلمان اکرم راجہ سے بات ہوگئی ہے، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سے ایکسپریس نیوز نے ٹیلی فونک رابطہ کیا جس میں بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا ہے، میری علی امین، شیخ وقاص اکرم، علی اصغر خان، سلمان اکرم راجہ سے بات ہوئی ہے، پوری پارٹی متحد ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہمارے ایم پی ایز متحد ہیں، انہوں نے کبھی پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی نہیں کی اور نہ کریں گے، مجھے ان پر فخر ہے، بانی چیئرمین کو ان پر فخر ہے۔ بیرسٹر گوہر نے مزید کہا کہ ہمارے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی تھے، ہیں اور رہیں گے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر سے ایکسپریس نیوز نے ٹیلی فونک رابطہ کیا جس میں بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ پارٹی اراکین کو ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی سے روک دیا ہے،

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

صحبت پور، تعلیم کے بغیر ترقی ناگزیر، تعلیمی امور پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، فریدہ ترین

پڑھی لکھی خواتین اور مائیں قوم کی بہتر تربیت کی ضامن ہیں، ڈپٹی کمشنر صحبت پور کی افسران و اساتذہ کو سخت ہدایات

صحبت پور (یو این اے) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے کہا ہے کہ تعلیم اور صحت ہر شہری کے بنیادی ترین حقوق میں شامل ہیں اور تعلیم کے بغیر کسی بھی قوم یا علاقے کی حقیقی ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعلیمی امور میں غفلت و نااہلی کو کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق اپنے ایک جاری کردہ اہم بیان میں ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے کہا کہ معاشرے اور ملک کی پائیدار ترقی میں تعلیم یافتہ خواتین کا کردار انتہائی اہم ہے، کیونکہ پڑھی لکھی خواتین اور مائیں بچوں کی زیادہ بہتر اور مثبت تربیت کرسکتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ ایسے تمام سرکاری اسکولوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے جو اس وقت بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید بتایا کہ ضلع میں جاری نئی داخلہ مہم کے حوالے سے عوامی شعور و آگاہی کی بھرپور مہم چلائی جارہی ہے، جس کے انتہائی مثبت

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

ہمارے لیے پاکستان کے ساتھ تعلقات برقرار رکھنا ضروری ہے، امریکی وزیر خارجہ

پاکستان ایک جوہری طاقت کا حامل ملک ہے اور جغرافیائی اعتبار سے امریکا کو اس کے ساتھ رابطہ رکھنا ضروری ہے

جس طرح بھارت کو ایران کے ساتھ تعلقات رکھنے اور اس کی قیادت سے ملاقاتیں کرنے کی ضرورت ہے، مارکو روبیو

ممبئی (جی این ایم) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ جغرافیائی اہمیت اور پاکستان کی جوہری صلاحیت کے باعث امریکا کے لیے اسلام آباد کے ساتھ تعلقات برقرار رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے اس ضرورت کا موازنہ بھارت کے ایران کے ساتھ تعلقات سے کیا۔ ایک بھارتی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ امریکی وزیر خارجہ کی حیثیت سے انہیں ایسے ممالک کے ساتھ بھی تعلقات قائم رکھنے ہوتے ہیں جن کے ساتھ بعض معاملات پر اختلافات موجود ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک جوہری طاقت کا حامل ملک ہے اور جغرافیائی اعتبار سے امریکا کو اس کے ساتھ رابطہ رکھنا ضروری ہے۔ روبیو کے مطابق، جس طرح بھارت کو ایران کے ساتھ تعلقات رکھنے اور اس کی قیادت سے ملاقاتیں کرنے کی ضرورت ہے، اسی طرح امریکا کے لیے بھی پاکستان کے ساتھ رابطہ برقرار رکھنا اہم ہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے کہا کہ مختلف ممالک کے ساتھ تعلقات میں توازن برقرار رکھنا آسان نہیں، تاہم یہ امریکی خارجہ پالیسی کا

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

حب، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے شہری اور تاجر برادری شدید پریشان، کاروباری سرگرمیاں معطل

بجلی اور گیس کے بنیادی مسائل حل کیے جائیں، وزیراعلیٰ بلوچستان غیر اعلانیہ بندش کا فوری نوٹس لیں، عوامی حلقے

حب (یو این اے) بلوچستان کے اہم صنعتی شہر حب اور اس کے گردونواح میں بجلی کی طویل و غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عام شہریوں، دیہاڑی داروں اور تاجر برادری کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے، جس کے باعث کاروباری سرگرمیاں مفلوج ہوکر رہ گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق حب شہر میں دن بھر بجلی کی مسلسل بندش سے جہاں تاجروں اور دکانداروں کا روزگار شدید متاثر ہو رہا ہے، وہاں گھریلو صارفین کو بھی روزمرہ کے امور کی انجام دہی، بالخصوص پانی کی قلت کے باعث شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک جانب بجلی چوری اور کنڈا مافیا کے خلاف انتظامی کارروائیاں جاری ہیں، تو دوسری جانب عام اور باقاعدگی سے بل ادا کرنے والے صارفین کو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی صورت میں سزا دی جا رہی ہے۔ عوامی و تجارتی حلقوں نے اس اہم عوامی مسئلے پر مقامی سیاسی و سماجی نمائندوں کی پراسرار

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، زمرک اچکزئی

قتل کے مقدمے کا مدعی خود اسٹامپ پیپر پر بے گناہی کا بیان دے چکا ہے، گرفتاری کا قانونی جواز پیش کیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر داد خان اچکزئی اور پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری پر تشویش اور مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس مقدمے میں اصغر خان اچکزئی کو گرفتار کیا گیا ہے، اس میں مدعی نے اسٹامپ پیپر پر تحریری بیان عدالت میں جمع کرایا ہے کہ ان کے بیٹے کے قتل کے مقدمے میں اصغر خان اچکزئی ملوث نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر مدعی خود عدالت میں تحریری طور پر یہ مؤقف اختیار کر رہا ہے کہ اصغر خان اچکزئی ان کے بیٹے کے قتل میں ملوث نہیں، تو پھر انہیں کس قانونی بنیاد پر گرفتار کیا گیا ہے؟ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گرفتاری کے قانونی جواز اور مقدمے کے حقائق کو واضح کیا جائے تاکہ اس معاملے میں پائے جانے والے تحفظات دور ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی آئین اور قانون کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے اور ہمیشہ قانونی و جمہوری راستے کو اختیار کرنے کی حامی رہی

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

Pakistan Terminal-II

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سیف سٹیز کے حوالے سے صوبائی اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تفتان، ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل بلوچ کا پاکستان ہاؤس کا دورہ

زائرین کی سیکیورٹی اور بحفاظت گھر واپسی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، گفتگو

تفتان (یو این اے) پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل بلوچ نے اسسٹنٹ کمشنر تفتان عبداللہ کاشانی کے ہمراہ پاکستان ہاؤس کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے زائرین کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات، رہائشی انتظامات اور جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر چاغی نے پاکستان ہاؤس میں قائم رہائشی ہالز، پینے کے صاف پانی، صفائی ستھرائی اور دیگر سہولیات کا معائنہ کیا اور وہاں موجود زائرین سے ملاقات کر کے ان کے مسائل دریافت کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر چاغی بختیار اسماعیل بلوچ نے کہا کہ زائرین کی مکمل سیکیورٹی اور ان کی بحفاظت منزلِ مقصود تک واپسی کو یقینی بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیکیورٹی وجوہات کے باعث بعض اوقات زائرین کے قافلوں کی روانگی میں وقتی تاخیر ہوسکتی ہے، تاہم

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

امربالمعروف ونہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

امریکہ ایران مذاکرات

اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر امریکی اور ایرانی حکام کے درمیان کم و بیش تین گھنٹے طویل مثبت اور نتیجہ خیز مذاکرات ہوئے۔ امریکی خصوصی ایلچی سٹیو وِٹکوف نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ''ایکس'' پر لکھا کہ امریکی اور ایرانی وفود کے درمیان دن بھر ثالثوں کے ذریعے رابطے جاری رہے، مذاکرات کا ایک دور مکمل ہو گیا ہے اور ا?مید ہے کہ یہ بات چیت تعمیری اور مثبت ثابت ہوگی۔ وِٹکوف نے واضح کیا کہ دونوں وفود کے درمیان براہِ راست مذاکرات کے بجائے ثالثوں نے دونوں فریقوں کے درمیان پیغام رسانی کا کام کیا، ثالث اپنا کام جاری رکھیں گے۔ مذاکرات کے بعد صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ وہ بہت اچھا محسوس کر رہے ہیں۔ اُن کے مطابق جیرڈ کشنر اور سٹیو وِٹکوف اِس ٹیم کا حصہ تھے جس نے ایرانی وفد سے ملاقات کی۔ اُنہوں نے اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی (یو این جی اے) سے خطاب کرتے ہوئے اِس اُمید کا اظہار بھی کیا کہ مڈٹرم الیکشن کے بعد تہران کے ساتھ معاہدہ ہو جائے گا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ایران ایک عظیم ملک بن سکتا ہے تاہم یہ فیصلہ اُنہوں نے کرنا ہے کہ ایران کے ساتھ معاہدہ کیا جائے یا اُسے مکمل طور پر تباہ کر دیا جائے، ایران کو جلد فیصلہ کرنا ہوگا اِس سے پہلے کہ دیر ہو جائے۔ دوسری جانب ایرانی سرکاری میڈیا نے تصدیق کی کہ وزیر خارجہ عباس عراقچی نے یو این جی اے کے موقع پر امریکی خصوصی نمائندے سٹیو وٹکوف سے اُن کی درخواست پر ملاقات کی۔ ایرانی سرکاری ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق عراقچی نے آبنائے ہ?رمز کو دوبارہ کھولنے کے لئے ایرانی شرائط پیش کر دیں جس میں منجمد اثاثوں کا فوری اجراء، بحری ناکہ بندی اور لبنان سمیت تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ شامل ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران نے واضح کیا کہ آبنائے ہ?رمز کو دوبارہ کھولنے کے لئے اِن شرائط پر عملدرآمد ضروری ہے۔ اقوامِ متحدہ کے اجلاس کے موقع پر امریکی اور ایرانی حکام کے درمیان طویل مذاکرات کی خبر ایک ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب دنیا شدید ترین معاشی، سفارتی اور توانائی بحران کا شکار ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے ایران کے ساتھ جاری بات چیت کو مثبت قرار دینا اور جلد دوسری ملاقات کا اعلان کرنا اِس بات کا واضح ثبوت ہے کہ کشیدگی اور حرب و ضرب کے کٹھن راستوں کے بعد بالآخر سفارت کاری ہی واحد اور مؤثر حل کے طور پر سامنے آ رہی ہے۔ امریکی صدر نے اگرچہ اپنے خطاب میں جہاں ایران کے ساتھ ممکنہ معاہدے کا ذکر کیا وہاں اُس کے خلاف سخت لہجہ اپناتے ہوئے انتباہ بھی کیا لیکن یہ حقیقت خوش آئند ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان بات چیت چل رہی ہے۔ پوری دنیا بالخصوص عالمی معیشت اور توانائی کی منڈیاں اِس وقت انتہائی نازک موڑ پر کھڑی ہیں۔ آبنائے ہ?رمز کی ناکہ بندی اور آزادانہ بحری نقل و حمل میں رکاوٹ کے باعث خام تیل کی قیمتیں انتہائی بلند سطح پر ہیں جو غیر معمولی گرانی کا سبب بن رہی ہیں، اِن قیمتوں کا سب سے زیادہ خمیازہ دنیا کے غریب اور ترقی پذیر ممالک کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ متعدد کمزور معیشتیں تیل کی غیر معمولی قیمتوں کے باعث دیوالیہ پن کے دہانے پر ہیں کیونکہ اُن کا تجارتی خسارہ اُن کے قابو سے باہر ہو چکا ہے۔ مذاکرات کے راستے میں اگرچہ کئی پیچیدہ چیلنج موجود ہیں، دونوں اطراف سے سخت بیانات کا سلسلہ بھی تا حال جاری ہے تاہم ایرانی حکام کی طرف آبنائے ہ?رمز کو کھولنے اور معاشی ناکہ بندی کے خاتمے کی شرائط کا پیش کیا جانا یہ ظاہر کرتا ہے کہ فریقین ایک دوسرے کے تحفظات سے آگاہ ہیں اور درمیانی راستے کی تلاش جاری ہے۔ واشنگٹن اور تہران جامع اور پائیدار معاہدے پر متفق ہو جاتے ہیں تو خام تیل کی سپلائی لائن بحال ہونے سے تیل کی قیمتوں میں کمی دیکھنے کو ملے گی اور پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک کے خزانوں پر پڑنے والے زرِمبادلہ کے غیر معمولی بوجھ میں کمی آ سکے گی۔ دنیا اُمید ہی پر قائم ہے، تاریخ گواہ ہے کہ سنگین سے سنگین ترین تنازعات کا حتمی تصفیہ بالآخر میز پر بیٹھ کر ہی ہوا۔ اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر شروع ہونے والا یہ سفارتی عمل ایک تاریخی موڑ ثابت ہو سکتا ہے لیکن اُس کے لئے فریقوں کو لچک پیدا کرتے ہوئے بصیرت اور ذمہ داری سے کام لینا ہوگا۔ مذاکرات کو سنجیدگی سے آگے بڑھایا جانا ناگزیر ہے۔ اُمید کی جاسکتی ہے کہ دوبارہ شروع ہونے والی یہ سفارتی کوشش دیرپا معاہدے پر منتج ہوگی اور دنیا بہت جلد سکون اور اَمن کا نیا سویرا دیکھے گی۔

خطرے کی گھنٹی بجاتی مصنوعی ذہانت

خالد ارشاد صوفی

مصنوعی ذہانت کے حوالے سے ایک بار پھر یہ بحث جاری ہے کہ یہ مستقبل میں انسانیت کے لئے خطرہ بن سکتی ہے جبکہ انہی خدشات کی بازگشت میں ایک ایسی غیر معمولی حقیقت بھی سامنے آئی ہے جس میں یہی ٹیکنالوجی ایک انسانی جان کے ممکنہ تحفظ کا ذریعہ بنی ہے۔ یہ واقعہ پاکستان کے شہر بہاولپور کا ہے لیکن اس کی کڑیاں مصنوعی ذہانت کے نظام ''کلاڈ''، اِسے بنانے والی امریکی کمپنی ''انتھراپک'' اور امریکی تحقیقاتی ادارے ایف بی آئی تک پہنچتی ہیں۔ یہ محض ایک نوجوان اور مصنوعی ذہانت کے درمیان ہونے والی مبینہ گفتگو کی کہانی نہیں بلکہ اس بڑے سوال کا ایک عملی پہلو ہے کہ انسان نے جس غیر معمولی ذہانت کو تخلیق کیا ہے، کیا اُس کے ساتھ ایسے حفاظتی نظام بھی بنائے ہیں جو اُس کے غلط استعمال کی صورت میں خود انسان کی حفاظت کرسکیں؟ چند روز پہلے بہاولپور کے ایک 17 سالہ نوجوان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ الزام ہے کہ وہ اپنے والد کو نقصان پہنچانے کے لئے کلاڈ سے زہریلے مادوں کے بارے میں معلومات حاصل کر رہا تھا۔ نوجوان کے خلاف الزامات ابھی عدالت میں ثابت نہیں ہوئے، اس لئے اُسے مجرم قرار دینا درست نہیں ہوگا تاہم اِس واقعے میں مصنوعی ذہانت کے حفاظتی نظام کا ممکنہ کردار غیر معمولی ظاہر ہوا۔ مقدمے کی ابتدائی تفصیلات کے مطابق امریکی تحقیقاتی ادارے ایف بی آئی نے پاکستانی حکام کو نہ صرف مبینہ خطرے سے آگاہ کیا بلکہ متعلقہ کلاڈ اکاؤنٹ سے وابستہ ای میل اور متعدد آئی پی ایڈریس بھی فراہم کیے۔ پاکستان میں یہ معلومات متعلقہ اداروں تک پہنچیں اور نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے ڈیجیٹل معلومات کی مدد سے نوجوان تک رسائی حاصل کی۔ اس کہانی میں سب سے اہم سوال یہ ہے کہ خطرے کی پہلی گھنٹی کہاں بجی؟ این سی سی آئی اے کے ترجمان کے حوالے سے شائع ہونے والی رپورٹ میں ایک خودکار نظام کا ذکر سامنے آیا ہے۔ دوسری طرف کلاڈ بنانے والی کمپنی انتھراپک کے پاس خطرناک استعمال کی شناخت، نگرانی اور تحقیقات کے لئے باقاعدہ حفاظتی نظام موجود ہیں۔ اِن حقائق کو یکجا کر کے دیکھا جائے تو یہ مضبوط امکان سامنے آتا ہے کہ کلاڈ کے گرد موجود حفاظتی نظام نے گفتگو میں ایک فرد کو لاحق ممکنہ سنگین خطرے کی نشاندہی کی جس کے بعد معلومات امریکی حکام اور وہاں سے پاکستانی اداروں تک پہنچیں۔ انتھراپک کے قواعد کے مطابق عام حالات میں صارف کی معلومات حکومتی اداروں کو فراہم کرنے کے لئے قانونی تقاضے پورے کیے جاتے ہیں لیکن اگر ایسی ہنگامی صورتحال ہو جس میں کسی شخص کو فوری شدید جسمانی نقصان یا موت کا خطرہ ہو اور معلومات کی فوری فراہمی سے اُسے روکا جاسکتا ہو تو کمپنی ہنگامی بنیادوں پر متعلقہ معلومات فراہم کرسکتی ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ کلاڈ کے حوالے سے خطرناک سرگرمیوں کی شناخت کا یہ تصور صرف بہاولپور کے واقعے تک محدود نہیں۔ ستمبر 2026ء میں انتھراپک نے خطرات سے متعلق اپنی ایک تفصیلی رپورٹ جاری کی جس میں بتایا گیا کہ اُس کے نظام اور ماہرین نے مصنوعی ذہانت کو نقصان دہ مقاصد کے لئے استعمال کرنے کی متعدد کوششوں کی شناخت کی۔ اُن میں سائبر حملوں، نگرانی، دھوکا دہی، رائے عامہ پر اثر انداز ہونے کی منظّم کوششوں، ہتھیاروں کی تیاری اور حیاتیاتی تحقیق کے ممکنہ غلط استعمال جیسے معاملات شامل تھے۔ ایک معاملے میں کلاڈ کو ہتھیاروں کی تیاری سے متعلق سرگرمی میں استعمال کرنے کی کوشش کی گئی۔ انتھراپک کے مطابق اندرونی تحقیقات کے نتیجے میں متعلقہ سرگرمی کی شناخت ہوئی، اکاؤنٹس بند کیے گئے اور خطرے سے متعلق معلومات متعلقہ سرکاری اور نجی اداروں کے ساتھ شیئر کی گئیں۔ یہ واقعات ہمیں مصنوعی ذہانت کا ایک ایسا پہلو دکھاتے ہیں جس کا ذکر کم ہوتا ہے۔ دنیا کے بہترین دماغ صرف زیادہ ذہین مصنوعی ذہانت بنانے میں مصروف نہیں، اِس ٹیکنالوجی کی بے پناہ صلاحیتوں کے ساتھ پیدا ہونے والے ممکنہ خطرات کو سمجھنے اور اُن کا مقابلہ کرنے کیلئے بھی حفاظتی حصار تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ خطرناک سوالات اور سرگرمیوں کی شناخت کرنے والے نظام، مسلسل نگرانی، ماہرین کے ذریعے جانچ، حفاظتی آزمائشیں اور مشکوک اکاؤنٹس کے خلاف کارروائی اِسی بڑے نظام کے عملی پہلو ہیں۔ انتھراپک نے اپنی سماجی ذمہ داریوں سے متعلق پالیسی میں ایسے خطرات کو باقاعدہ موضوع بنایا ہے جو مستقبل میں زیادہ طاقتور مصنوعی ذہانت کے نتیجے میں پیدا ہوسکتے ہیں، اِن میں کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں سے لیکر بڑے پیمانے کے سائبر خطرات اور انتہائی ترقی یافتہ مصنوعی ذہانت سے پیدا ہونے والے تباہ کن امکانات تک شامل ہیں۔ اِس کا مطلب یہ نہیں کہ مصنوعی ذہانت کے تمام خطرات ختم ہوگئے ہیں۔ خود مصنوعی ذہانت بنانے والی کمپنیاں تسلیم کرتی ہیں کہ کوئی حفاظتی نظام کامل نہیں۔ نقصان دہ مقاصد رکھنے والے لوگ حفاظتی رکاوٹوں کو عبور کرنے کے نئے طریقے تلاش کرتے رہتے ہیں اور اِسی لئے اِن نظاموں کو مسلسل بہتر کرنا پڑتا ہے۔ مصنوعی ذہانت کے بارے میں ہمارا زیادہ تر بیانیہ اِس خوف کے گرد گھومتا رہا ہے کہ کہیں یہ ٹیکنالوجی ایک دن انسان کیلئے خطرہ نہ بن جائے۔ یہ خدشہ اپنی جگہ اہم ہے اور اِسے نظرانداز نہیں کیا جاسکتا لیکن اِسی کے ساتھ ہمیں یہ بھی دیکھنا ہوگا، کیا مصنوعی ذہانت بنانے والے ماہرین نے ممکنہ خطرات سے بچاؤ کے لئے ایسے حفاظتی نظام بنانے کی کوشش بھی کی ہے جو غلط استعمال کی شناخت اور انسانی نقصان کی روک تھام میں کردار ادا کرسکیں؟ مستقبل میں مصنوعی ذہانت کی سب سے بڑی کامیابی صرف یہ نہیں ہوگی کہ وہ انسان کی طرح سوچنے، لکھنے، تحقیق کرنے یا پیچیدہ مسائل حل کرنے کے قابل ہو جائے بلکہ اصل کامیابی یہ ہوگی کہ جتنی طاقت ہم مصنوعی ذہانت کو دیتے جائیں، اُتنی ہی دانش مندی سے اِس طاقت کے گرد انسانی زندگی اور بالآخر انسانیت کی بقاء کے لئے حفاظتی حصار بھی تعمیر کرتے جائیں۔ اِس سوال کا جواب خود مصنوعی ذہانت میں نہیں، بلکہ اُن انسانی دماغوں، اخلاقی اصولوں اور حفاظتی نظاموں میں ہے جو اِس کے پیچھے کھڑے ہیں۔

کرپشن اور خواتین افسر

نسیم شاہد

کیا میری وہ اُمیدیں غلط ثابت ہو رہی ہیں جو میں نے پنجاب میں انتظامیہ، پولیس اور دیگر سرکاری محکموں میں خواتین افسروں کی تقرری کے حوالے سے باندھی تھیں اور یہ کہا تھا کہ اُن کے آنے سے گورننس میں بہتری آئے گی اور کرپشن بھی کم ہو جائے گی۔ لاہور میں کچھ ایسے واقعات ہوئے جن میں خواتین افسروں کے ماتحتوں کی طرف سے کرپشن کی شہادتیں سامنے آئیں۔ اب پولیس کے ایک ریٹائرڈ سینئر افسر اور کئی کتابوں کے مصنف ذوالفقار چیمہ نے اپنے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا ہے کہ لاہور میں تعینات مختلف محکموں کی خواتین افسروں نے کرپشن کے ریکارڈ توڑ دیئے ہیں، وہ کھلم کھلا رشوت مانگتی ہیں اور اِس کے بغیر کام نہیں کرتیں۔ اُنہوں نے ذِکر تو لاہور کا کیا ہے تاہم خواتین افسروں کی بڑی تعداد پورے پنجاب میں موجود ہے۔ کہیں وہ انتظامی افسر ہیں، کہیں ضلع کی پولیس افسر۔ دیگر محکموں میں بھی اُن کی اچھی خاصی تعداد خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ ذوالفقار چیمہ جیسے ذمہ دار آدمی نے اگر یہ بات کی ہے تو یقیناً اُن کے پاس اِس کے شواہد بھی ہوں گے تاہم مجھے یہ بات آسانی سے ہضم نہیں ہو رہی۔ سی ایس ایس کر کے آنے والی لڑکیاں حالات سے اِتنی تو بے خبر نہیں ہوں گی کہ پہلے ہی بیوروکریسی کے بارے میں معاشرتی تاثر کوئی اچھا نہیں، پھر ایک خاتون ہونے کے ناتے؟ اُن کے لئے اتنا آسان بھی تو نہیں ہوتا ہوگا کہ وہ بقول ذوالفقار چیمہ سرعام رشوت لیتی ہیں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ ہر افسر کے نیچے جو عملہ ہوتا ہے وہ بہت کاریگر اور لوٹ کھسوٹ میں ماہر ہوتا ہے۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ گھاگ قسم کے کلرک اور سپرنٹنڈنٹ یہ تاثر دیتے ہوں کہ خاتون افسر بہت سخت ہے۔ ایک بار اِنکار کر دیں تو پھر کوئی کام نہیں کرا سکتا۔ اِس دوران وہ اپنی خدمات پیش کر دیتے ہوں اور معاوضہ بھی دُگنا لیتے ہوں۔ ذرا سوچیے جہاں مرد افسر اپنے دفتروں کے مافیاز سے نہیں بچ سکتے جو ایماندار افسر کو تگنی کا ناچ نچا دیتے ہیں تو خواتین افسروں کے ساتھ تو اُنہیں ایسے کام کرتے ہوئے آسانی بھی ہوتی ہوگی تاہم میرا گمان اب بھی یہی ہے کہ سول سروس میں خواتین کے آنے سے بہتری کی اُمید کی جا سکتی ہے۔ ایک سافٹ چہرہ سامنے آنا چاہیے کیونکہ اُس چہرے کی اشد ضرورت ہے۔ کل سے ڈی سی لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی ایک پوسٹ سوشل میڈیا پر بحث کا باعث بنی ہوئی ہے جس میں وہ ایک وہیل چیئر پر آنے والے شخص سے ملاقات کے لئے اپنے دفتر سے باہر آتے ہیں وہاں دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر اُس کی شکایت سنتے ہیں پھر اِسی تصویر کو وہ اپنے ڈپٹی کمشنر لاہور والے پیج پر پوسٹ کرتے ہیں اور یہ لکھتے ہیں کہ عوام کی خدمت ہی اصل مقصد ہونا چاہیے۔ ظاہر ہے اُنہوں نے یہ تصویر ایک سافٹ چہرہ اُجاگر کرنے کے لئے لگائی ہوگی۔ یہی موصوف تھے جن کی تحریک انصاف کے رہنماؤں سے ملاقات کی ویڈیو نے ان پر عوامی تنقید کا در کھولا تھا، جب وہ لاہور میں جلسے کی اجازت لینے اُن کے پاس گئے تھے تو وہ کرسی پر بیٹھ کر جھولے لے رہے تھے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے بیوروکریسی کو اِس وقت جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ وہ اُس کا عوام سے کمزور تعلق ہے جسے ختم ہونا چاہیے لیکن یہ افسری کا کروفر اِس کے راستے کی سب سے بڑی دیوار بن جاتا ہے۔ ایسے میں یہ توقع کرنا بے جا نہیں کہ خواتین افسر اِس روایت کو توڑیں گی اور عوام کو احساس دلائیں گی کہ وہ ایک بہتر گورننس کا خواب لے کر انتظامیہ میں آئی ہیں۔ لاہور صوبے کا دارالحکومت ہے، اِس میں اگر اچھی گورننس آ جائے تو پورے پنجاب پر اُس کا اثر پڑتا ہے لیکن اگر واقعی وہ سب کچھ اِن خواتین افسروں کے دفاتر میں ہو رہا ہے جس کی طرف ذوالفقار چیمہ نے اشارہ کیا ہے تو یہ بڑی مایوس کن بات ہے۔ گزشتہ دِنوں جب لاہور کی ایک خاتون افسر کے ماتحت کو اینٹی کرپشن والوں نے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا تھا تو میں یہ سوچتا رہا اگر کسی دن یہ نوبت خاتون افسر کی گرفتاری تک آ گئی تو پاکستان ہی نہیں دنیا بھر میں جگ ہنسائی ہوگی۔ میں نے ایک ریٹائر سی ایس پی افسر سے اِس موضوع پر بات کی تو وہ ہنسنے لگے۔ اُنہوں نے کہا ذوالفقار چیمہ کو کیا پتہ نہیں کہ مرد افسروں کا کرپشن انڈیکس کتنا اونچا چلا گیا ہے۔ افسر کے نیچے ہم نے جو نظام دیا ہوا ہے، کیا وہ ایک ایماندار افسر کے آنے سے درست ہو جاتا ہے؟ یہ کل جو سرگودھا میں محکمہ اینٹی کرپشن نے ڈومیسائل بنانے کے لئے رشوت لینے والے جس نائب قاصد کو پکڑا ہے، آپ بتائیں کیا ڈومیسائل نائب قاصد بناتا ہے، کیا اُس پر اُس کی مہر اور دستخط ہوتے ہیں، یہ اینٹی کرپشن والے روزانہ لطیفے سناتے رہتے ہیں۔ آگے کیوں نہیں جاتے، اوپر والے کو اُس کی گواہی پر کیوں نہیں پکڑتے؟ کوئی یہ کیسے کہہ سکتا ہے کہ کسی ضلع میں اگر خاتون ڈپٹی کمشنر یا ڈی پی او تعینات ہوگی تو وہاں کرپشن ختم ہو جائے گی۔ نیچے کرپشن کا دریا بہہ رہا ہو تو اوپر والا اُس کے آگے کیسے بند باندھ سکتا ہے۔ یہاں یہ عالم ہے کہ اگر ایماندار افسر آ جائے تو نیچے سب کام ہی ٹھپ ہو جاتے ہیں، اعتراضات لگا کر عوام کو ذلیل و خوار کیا جاتا ہے، بات میڈیا تک پہنچتی ہے اور افسر کی نااہلی کا تذکرہ ہونے لگتا ہے۔ ڈی پی او لگنے والے کو گھاگ ایس ایچ اوز اور ڈی ایس پیز دو دن میں سیدھا کر دیتے ہیں۔ اِس لئے خواتین افسروں کو موردِ الزام نہ ٹھہرائیں اُنہیں کام کرنے دیں، بہتری ضرور آئے گی۔ اِس میں تو کوئی شک نہیں کہ پاکستان میں افسری کا نشہ بہت ظالم شے ہے جسے چڑھ جائے اُس کے ہوش بھلا دیتا ہے۔ اِس میں ایک گلیمر ہے، کشش ہے، ہٹو بچو کا شاہانہ کلچر ہے۔ پھر جس طرح عملہ یہ احساس دلاتا ہے کہ آپ عوام کی حاکم ہیں، اُنہیں غلام سمجھ کے دور رکھیں، وہ سی ایس ایس کرنے سے پہلے کے سب خواب بھلا دیتا ہے۔ بہت کم ایسی خواتین ہیں جو اِس ''جال'' سے بچ سکیں۔ یہ جال درحقیقت اُس کرپٹ مشینری کا بچھایا ہوا ہوتا ہے جو اِس نظام کی سب سے بڑی سہولت کار اور فائدہ اُٹھانے والی ہے۔ ایک ڈی سی کے ماتحت سینکڑوں کا عملہ ہوتا ہے مگر بدنامی صرف ڈپٹی کمشنر کے حصے میں آتی ہے۔ میری اب بھی خوش گمانی یہی ہے کہ خواتین عوامی اہمیت کے مناصب پر تعینات ہو کر ایک بڑی تبدیلی لا سکتی ہیں، اِنہیں بس اُس روایت کو توڑنا ہے جو کرپٹ نظام نے تارِعنکبوت کی طرح افسروں کے گرد پھیلا رکھی ہے۔ یہ کام مشکل ضرور ہے ناممکن نہیں۔

باہمی مذاکرات، بدرجہا بہتر، سودمند

مقبول احمد قریشی، ایڈووکیٹ

گزشتہ چند ہفتوں سے سیاسی بیانات میں، وفاقی حکومت کے راہنماؤں اور اپوزیشن لیڈروں کے مابین غیر معمولی تلخی دیکھنے میں آرہی ہے۔ جو روز بروز تیزی سے بڑھ کر کشیدگی میں تبدیل ہو گئی ہے جبکہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے علاقوں میں تسلسل سے دہشت گردی کے بڑے واقعات رونما ہو رہے ہیں۔ جن میں مسلح افواج پولیس اور ان علاقوں کے لوگ شہید اور زخمی ہو رہے ہیں۔ یہ سلسلہ گزشتہ کئی سال سے ملک کے مختلف مقامات میں مختصر وقفوں سے جاری ہے۔ جس میں کوئی کمی ہونے میں نہیں آ رہی۔ لیکن ان اداروں کے جوان اور افسر کمال بہادری اور جرات مندی سے ان ملک دشمنوں کا مقابل کر کے ان کو واصل جہنم کر رہے ہیں ان سے کافی مہلک ہتھیار اور جدید اسلحہ برآمد ہو رہا ہے۔ جس سے واضح ہے کہ بھارتی حکمران مذکورہ بالا دہشت گردوں کی سرپرستی اور کھلی معاونت کر رہے ہین۔ ان حالات میں وفاقی اور متعلقہ صوبائی حکومتیں بھی عوام کے جان و مال کو درپیش خطرات کے باعث تشویش سے دوچار ہیں۔ جبکہ ملک دشمن قوتوں کے ان مذموم منصوبوں کے خاتمہ کے لئے قومی اتحاد کی اشد ضرورت ہے۔ ایران امریکہ جنگ سات ماہ سے مشرق وسطی کے خطہ میں قدرے نرمی سے تا حال جاری ہے۔ اس جنگ کی بنا پر " آبنائے ہرمز " میں تیل کی نقل و حمل رک جانے اور اس قیمتی سیال جنس کے اخراجات آئے روز بڑھنے سے اس خطہ کے اکثریتی لوگوں کو مسلسل مہنگائی کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پاکستان کے 25 کروڑ عوام پر بھی اس مالی بوجھ کے تکلیف دہ اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ یوں یہاں بھی عوام کی زندگی خطہ کے دیگر متاثرین کی طرح مشکلات کا شکار ہو رہی ہے۔ اس طرح وطن عزیز میں لوگوں کی معاشی حالت میں روز بروز پریشانیاں بڑھنے سے ان کی زندگی اجیرن ہوگئی ہے۔ جس پر حب الوطنی سے مثبت اقدامات کی فوری ضرورت ہے۔ ان حالات میں بعض اپوزیشن راہنماؤں کا تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی رہائی کے لئے لاکھوں یا ہزاروں کی تعداد میں اسلام آباد جانے پر اصرار اور وہاں پہنچ کر احتجاجی مظاہرے کرنا ہرگز کوئی قومی مفاد اور تعمیری انداز سیاست نہیں ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے ایک واضح بیان میں کہا ہے کہ معاملہ مذکور پر اپوزیشن راہنما اور کارکنان اپنے اپنے علاقوں میں آئین و قانون کے تحت پر امن احتجاج کرلیں تو وفاقی حکومت کو اعتراض نہیں ہوگا۔ کیونکہ اس طرح وہ نہ صرف اپنا احتجاج ریکارڈ کرا سکیں گے بلکہ ان مظاہروں کو ان کے سیاسی حامی افراد بھی اپنی ذمہ داری نبھانے کو تسلیم کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر احتجاج کے دوران بڑی سڑکوں ور چوراہوں کو بند کر کے کسی شہر یا علاقہ کو عام لوگوں کی آمدورفت کے لئے بند کر کے کاروائی کی گئی تو غالب امکان ہے کہ حکومت کی جانب سے ایسی غیر قانونی حرکات کا سختی سے نوٹس لے کر متعلقہ افراد کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ جبکہ بیرسٹر گوہر علی خان نے ایک تازہ بیان میں کہا ہے کہ لانگ مارچ ضرور ہو گا۔ اسلام آباد وفاقی دارلحکومت ہونے سے بین الاقوامی شہر کی بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اس کو کسی سمت سے ٹریفک یا رکاوٹوں سے بند کرنے سے محض چند لمحوں اور منٹوں میں ہزاروں لوگوں کے جمع ہونے اور آمدورفت کا تسلسل رکنے سے عوام کے معمولات زندگی پر واضح طور پر جمود کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ ایسی صورت حال سے مختصر وقت میں وہاں آنے والی ٹریفک کی میلوں لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں۔ ان گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو منٹوں یا گھنٹوں روکے رکھنے کی چالبازی سے وہاں سوار افراد خواتین، بچوں، بوڑھوں، جج صاحبان، افسران یا ملازمین کا کیا قصور ہوتا ہے جو انہیں اس اذیت ناک صورتحال کی پابندی سے دوچار کیا جاتا ہے؟ وہ لوگ تو کسی مخصوص سیاسی جماعت، گروپ، مذہب، مسلک، ذات، علاقہ یا زبان بولنے والے نہیں ہوتے جو ان کو اچانک اس مشقت میں جبری کھڑا رہنے کی پابندی کرنا پڑتی ہے۔ عوام کی مشکلات کے حل کے لئے ملک بھر میں تحصیل و ضلع میں متعلقہ دفاتر، عدالتیں اور بڑے شہروں میں ہائی کورٹس، وفاقی آئینی عدالتی اور سپریم کورٹ موجود ہیں۔ جو سائیلان کے مسائل کے حل اور مقدمات کے فیصلے فریقین کی سماعت اور شواہد جانچنے کے بعد صادر کرتی ہیں۔ ان کے فیصلوں پر اپنی ناپسندی کا اظہار کرنا بھی کوئی مثبت ردعمل نہیں، بلکہ ان پر عمل کرنا لازم ہے۔ تمام عدالتیں آزادی سے کام کرتی ہیں ان پر حکومت کا کوئی دباؤ نہیں ہوتا۔ اگر کسی فریق کے خلاف فیصلہ سنایا جائے تو وہ متعلقہ بالا عدالت میں اپنی حق رسی کے لئے اپیل، نگرانی یا نظر ثانی کی استدعا کر سکتا ہے۔ حقائق مذکور عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ متعلقہ دفاتر اور عدالتیں ملک بھر میں موجود ہونے سے اپنی ذمہداریاں نبھا رہے ہیں۔ تو کوئی شخص یا فریق ان سے رجوع کر کے اپنے قانونی حقوق و مفادات کے لئے آئین و قانون کے تحت وہاں جا کر چارہ جوئی کر سکتا ہے۔ اس لئے کہ سیاسی راہنماؤں اور کارکنوں کو احتجاج کا راستہ اختیار کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔ واضح رہے کہ ان دفاتر اور عدالتوں میں ہمارے ملک کے رہنے والے حضرات اور خواتین ہی تعینات ہو کر اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیتے ہیں۔ تاہم پر امن احتجاج وہ ہوتا ہے جس میں معاشرے کا کوئی شخص اپنے معمولات زندگی میں کوئی رکاوٹ یا مداخلت محسوس نہ کرے۔ ایسے احتجاج پر کوئی اعتراض نہیں کر سکتا۔ اگر کسی متعلقہ دفتر یا زیریں عدالت کا کوئی فیصلہ حقائق اور قانونی طور پر درست نہ ہو تو اس کے مداوا کے لئے متعلقہ بالا فورم سے رجوع کر کے حق رسی کی سعی کی جاسکتی ہے۔ ظاہر ہے کہ جب ملک میں آئینی و قانونی حقوق و مفادات کے تحفظ اور حصول کے لئے متعلقہ ادارے موجود ہو کر باقاعدگی سے کام کر رہے ہیں تو پھر بڑی سڑکوں اور چوراہوں پر آ کر راستوں کو بند یا مفلوج کر کے احتجاج کرنے اور حکومت یا عام لوگوں کی گاڑیوں کو نذر آتش اور دیگر املاک کی توڑ پھوڑ کرنے کی حرکات کی حماقت یا جسارت کا کیا جواز ہے؟ بدنظمی سے بدامنی کو بڑھکانا اور پھیلانا کس مہذب معاشرے کی روایت ہے؟ قارئین کرام جانتے ہیں کہ قانون شکنی اور جرائم کے ارتکاب کی روک تھام کے لئے قانون کا نفاذ کرنے والے ادارے ملک بھر میں شب و روز اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی خاطر چوکس اور متحرک ہیں۔ اس لئے اپنے جائز حقوق کے حصول اور شکایات کے ازالہ کے لئے متعلقہ فورمز سے پر امن طور پر رجوع کرنا ہی درست راستہ ہے۔

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

بقیہ جات

بقیہ 1

مباحثے میں حکومتی واپوزیشن رہنماں، پالیسی ماہرین اور سینئر صحافیوں نے شرکت کی، مباحثے میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی، وسائل کی منصفانہ تقسیم اورعوام کوبہتر خدمات کی فراہمی پر زور دیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں نئے صوبوں کی ضرورت ہے، تاہم نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے لیے وسیع تر اتفاقِ رائے ضروری ہے، انتظامی یونٹس بڑھانے سے عوامی مسائل فوری حل کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ سرفراز بگٹی نے بتایا کہ بلوچستان میں ڈویژنوں کی تعداد 8 سے بڑھا کر 12 کردی گئی ہے۔ قومی مباحثے سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ اس لیے ہمیں نئے صوبوں سے متعلق سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا ہوگا، میرا مشورہ ہے ڈویژن کی سطح پر نئے یونٹس بنادیں، انگریز کے بنائے گئے ڈویژن جغرافیائی لحاظ سے ایک بہترین نظام ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پوری ملک میں تقریبا 32 کے قریب ایڈمنسٹریٹو یونٹس بنیں گے، آپ کو پولیس کا نظام بھی لوکل کرنا پڑے گا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں پولیس کا رویہ عوام سے بہتر ہے، جتنی شدت سے صوبوں کا مطالبہ ہے، اتنی ہی مخالفت بھی ہے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ مئوثر انتظامی نظام کے لیے پولیس کوبھی مقامی سطح پر منظم کرنا ہوگا، انہوں نے گلگت بلتستان اورآزاد کشمیر میں پولیس کے عوام کے ساتھ رویے کا حوالہ بھی دیا۔ سابق وفاقی وزیراسدعمر نے کہا کہ نئے صوبے بنانے میں کوئی حرج نہیں اور آئین میں اس حوالے سے طریقہ کار موجود ہے، پاکستان کا اصل مسئلہ محض اختیارات کی منتقلی نہیں بلکہ انتظامی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا بھی ہے۔ اسدعمر نے کہا کہ ملک کی تقریبا 25 کروڑ آبادی کے لیے 859 نمائندے ہیں، جبکہ ان کی تعداد ایک لاکھ تک ہونی چاہیے، انہوں نے بااختیار مقامی حکومتوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سے عوام کوخدمات کی فراہمی بہتر بنائی جاسکتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ آئین میں نئے صوبے بنانے کا طریقہ کار موجود ہے، نئے صوبے بنانا تقسیم نہیں، سروس ڈیلیوری کا مسئلہ ورٹیکل گیپ ہے، ملک کی دو اسمبلیاں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قراردادیں منظور کرچکی ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما خرم دستگیر نے کہا کہ نئے صوبوں کی تشکیل کا عمل انتہائی اہم ہے، تاہم اس سے پہلے آبادی پر قابو پانے اور نئے انتظامی ڈھانچے کے لیے ضروری بنیادیں تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ مباحثے میں شرکا نے اس امر پر اتفاقِ رائے کی ضرورت پر زور دیا کہ انتظامی اصلاحات اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق فیصلے سوچ سمجھ کرکیے جائیں، تاکہ وسائل کی منصفانہ تقسیم، مقامی حکومتوں کے استحکام اورعوامی مسائل کے مئوثر حل کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 2

جنوب مشرقی علاقوں میں بگڑتی سکیورٹی صورتحال پر تشویش کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ جون میں ام-دا فک(Am-Dafock) پر ہونے والا حملہ اور سوڈان میں جاری تنازعے کے اثرات اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ مسلح گروہوں اور سرحد پار سے عدم تحفظ کا خطرہ بدستور موجود ہے، اس تناظر میں انہوں نے 15 نومبر کو امن مشن کی مدت میں توسیع (تجدید) سے قبل اس کے لیے مناسب فنڈنگ کی فراہمی پر زور دیا۔ وسطی افریقی جمہوریہ میں اقوام متحدہ کے کثیر جہتی مربوط استحکام مشن کے مینڈیٹ کی تجدید (جو ایک ماہ سے بھی کم عرصے میں ختم ہونے والا ہے) ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب ملک میں ریاستی اختیار کی بحالی کے لیے چیلنجز درپیش اور سوڈان میں جاری تنازعے کے اثرات بھی یہاں محسوس کیے جارہے ہیں۔ اگرچہ 2025 کے انتخابات کے بعد قومی اور مقامی ادارے قائم کر دیے گئے تھے، تاہم اس سال ستمبر میں ملک کے انتخابی ادارے نے آپریشنل اور مالی مشکلات کا حوالہ دیتے ہوئے بقیہ انتخابات کو معطل کرنے کا اعلان کیا، اس کے باوجود فنڈز کی کمی کے باعث زمینی سطح پر کام متاثر ہونے کے باوجود مینوسکا انتخابی اور سکیورٹی امور میں معاونت فراہم کر رہا ہے۔ پاکستانی مندوب نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی اس سفارش کی پرزور حمایت کی کہ مینوسکا کے تجدید شدہ مینڈیٹ میں اس کے ترجیحی کاموں اور کثیر جہتی نوعیت کو برقرار، قومی صلاحیتوں کومضبوط اور وسطی افریقی حکام کے ساتھ مل کر منتقلی کے عمل کو آگے بڑھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس مشن کے سیاسی، سکیورٹی اور امن سازی کے امور ایک دوسرے کو تقویت دیتے ہیں اور پائیدار امن کے لیے ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ذمہ داریوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلی یا منتقلی بتدریج، حالات کے مطابق اور میزبان حکومت کی ترجیحات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہونی چاہیے، ہمیں سکیورٹی کے حوالے سے کسی بھی قسم کے خلا کو پیدا ہونے سے روکنا اور اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ گزشتہ برسوں میں حاصل کی گئی پیش رفت کسی صورت الٹ نہ جائے، MINUSCA میں تقریبا 1100 فوجیوں کے ساتھ بطور ایک بڑا دستہ فراہم کرنے والا ملک پاکستان اس مشن کی کامیابی کے لیے پرعزم ہے پاکستانی مندوب نے کہا کہ ہم مشن کے ان تمام اہلکاروں کوخراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جو مشکل حالات میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ہم وسطی افریقی جمہوریہ کی خودمختاری، اتحاد اور علاقائی سالمیت نیز وہاں کے عوام کی پائیدار امن اور استحکام کی خواہشات کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں۔ 15 رکنی کونسل کو بریفنگ دیتے ہوئے ملک میں اقوام متحدہ کی اعلیٰ ترین عہدیدار ویلنٹائن روگوابیزا نے 30 جون کو سوڈان کی سرحد سے ملحقہ علاقے ام-دافک میں مختلف مسلح گروہوں کے حملے کا ذکر کیا۔ اس حملے میں عام شہری اور قومی سکیورٹی فورسز کے اہلکار مارے گئے، 17,000 شہری بے گھر ہو گئے اور اقوام متحدہ کے 6 امن کار بھی زخمی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ اگر امن مشن کی جانب سے فوری جوابی کارروائی نہ کی جاتی تو چاڈ اور سوڈان کی سرحد کے قریب ہونے والے ان حملوں میں اموات کی تعداد کہیں زیادہ ہوتی، مزید برآں مسلح گروہ کے قبضے کے پانچ دن بعد ہی ریاست کی عملداری کو بحال کرنا ممکن نہ ہوتا، اس گروہ کے جنگجو بعدازاں سرحد پار کر کے سوڈان کی طرف پسپا ہوگئے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اس سلسلے میں کونسل سے درخواست کرتی ہوں کہ چونکہ وہ ایم آئی این یو ایس سی اے کے مینڈیٹ (اختیارات کی مدت) کی تجدید کی تیاری کر رہی ہے لہٰذا اس نازک استحکام کے مرحلے کے دوران ایم آئی این یو ایس سی اے کو مناسب نفری اور صلاحیتوں کے ساتھ برقرار رکھا جائے۔ روگوابیزا نے بتایا کہ جہاں ایک طرف دارالحکومت بنگوئی اپنی عملداری کو مستحکم اور باغی گروہوں کو غیر مسلح کرنے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے وہیں ملک کے مشرقی حصے میں تشدد کے واقعات میں اضافہ ہورہا ہے، اس کی ایک وجہ سوڈان میں جاری جنگ بھی ہے جو ایم آئی این یو ایس سی اے کے دستوں میں بتدریج کمی لانے کے منصوبوں کو پیچیدہ بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شمال مشرقی اور جنوب مشرقی علاقوں کی صورتحال خاص طور پر تشویشناک ہے خاص طور پر کان کنی کے مقامات کے اردگرد اور ان راستوں پر جو روایتی طور پر خانہ بدوش مال مویشی پالنے والوں کے زیرِ استعمال رہتے ہیں، یہ مقامات اکثر مقامی برادریوں کے درمیان کشیدگی کا باعث بنتے ہیں۔ واضح رہے کہ جنوب مشرقی علاقے میں جون سے ستمبر کے درمیان 26 سنگین واقعات ریکارڈ کیے گئے جن کا تعلق لارڈز ریزسٹنس آرمی کے مشتبہ ارکان سے جوڑا گیا ہے جو یوگنڈا سے تعلق رکھنے والا پرانا مسلح گروہ ہے۔

بقیہ 3

اہتمام پاکستان کی انتظامی تنظیمِ نو اور نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قومی مباحثے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ انتظامی اصلاحات پر قومی مکالمے کا آغاز خوش آئند ہے، تاہم اس بحث کو سیمینارز اور ہوٹلوں تک محدود رکھنے کے بجائے پارلیمنٹ میں لایا جائے اور تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان وسیع اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی ماہ سے ملک میں موجودہ نظامِ حکمرانی کو برقرار رکھنے یا اس کی تشکیلِ نو کے حوالے سے بحث جاری ہے۔ اس تناظر میں یہ جائزہ لینا ضروری ہے کہ ویسٹ منسٹر طرزِ جمہوریت عوام کو مطلوبہ نتائج فراہم کر رہا ہے یا انتظامی تقسیم اور جغرافیائی وسعت بھی عوامی خدمات کی فراہمی میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اور ملک کے دیگر حصوں کے جغرافیائی فرق کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں واہگہ بارڈر سے راجن پور کے قریب شاہوالی تک سفر میں تقریبا چھ سے سات گھنٹے لگتے ہیں، جبکہ بلوچستان کے کسی ایک ضلع کے اندر ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچنے میں بھی دس گھنٹے لگ سکتے ہیں۔ ان کے مطابق یہ فرق صوبے کی انتظامی ضروریات کو سمجھنے کے لیے کافی ہے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے دورِ وزارتِ داخلہ کے ایک واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ خضدار کے دور دراز علاقے سارونہ کے قریب ایک مزار پر خودکش حملے کے بعد ایک ٹی وی اینکر نے ان سے سوال کیا کہ ڈپٹی کمشنر جائے وقوعہ پر کیوں نہیں پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ ڈپٹی کمشنر کو ضلعی ہیڈکوارٹر سے جائے وقوعہ تک پہنچنے میں تقریبا نو گھنٹے درکار تھے۔ ان کے بقول یہ صورتحال جغرافیائی فاصلے اور موجودہ انتظامی ڈھانچے کے درمیان موجود مسائل کو واضح کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی مالیاتی کمیشن کے تحت وسائل کی تقسیم میں آبادی کو بنیادی اہمیت دی جاتی ہے، تاہم جغرافیائی وسعت، انتظامی ضروریات اور عوام تک سرکاری خدمات کی رسائی کو بھی مناسب اہمیت ملنی چاہیے۔ میر سرفراز بگٹی کے مطابق صوبائی حکومت نے اپنے دور میں ڈویژنز کی تعداد آٹھ سے بڑھا کر بارہ اور اضلاع کی تعداد تقریبا 36 سے بڑھا کر 41 کردی ہے۔ ان اقدامات کا مقصد بڑے اضلاع کو چھوٹی انتظامی اکائیوں میں تقسیم کرکے انتظامی امور کو آسان بنانا اور عوام کو سرکاری خدمات تک بہتر رسائی فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اپنے اختیارات کے تحت اقدامات کرچکی ہے، تاہم بڑے آئینی اور انتظامی فیصلوں کے لیے وسیع تر سیاسی اتفاق رائے ضروری ہے۔ بلدیاتی نظام کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں بلدیاتی ادارے موجود ہیں، لیکن وسائل کی کمی ایک اہم مسئلہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بلدیاتی اداروں کی موجودہ مدت 8 فروری کو مکمل ہورہی ہے اور صوبائی حکومت الیکشن کمیشن آف پاکستان کو خط لکھ کر درخواست کرچکی ہے کہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے فوری تاریخ دی جائے تاکہ جمہوری عمل کا تسلسل برقرار رہے۔ قومی سیاست میں بلوچستان کی نمائندگی پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبے سے منتخب ہونے والے ارکانِ قومی اسمبلی کی تعداد گوجرانوالہ، لاہور اور فیصل آباد ڈویژنز میں سے ہر ایک کی نمائندگی سے بھی کم ہے۔ ان کے مطابق مرکزی سیاسی جماعتوں کو بلوچستان کے مسائل، ضروریات اور ترقیاتی ترجیحات پر زیادہ سنجیدگی سے توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیاست دانوں کی بنیادی ذمہ داری قانون سازی ہے، لیکن پاکستان میں سیاسی عمل بڑی حد تک نالیوں، سڑکوں اور مقامی ترقیاتی منصوبوں کی بنیاد پر ووٹ حاصل کرنے تک محدود ہو چکا ہے۔ مضبوط بلدیاتی نظام کے ذریعے مقامی مسائل منتخب بلدیاتی نمائندوں کو حل کرنے چاہییں تاکہ صوبائی اور قومی اسمبلیوں کے ارکان قانون سازی اور وسیع تر پالیسی معاملات پر توجہ دے سکیں۔ خطاب کے اختتام پر میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے مرکزی سیاسی جماعتوں، قومی ذرائع ابلاغ، اہلِ دانش، متعلقہ اداروں اور بالخصوص بیوروکریسی کی سنجیدہ توجہ درکار ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ صوبے کی ضروریات کو قومی پالیسی سازی میں مناسب مقام دیا جائے اور انتظامی ڈھانچے کی مئوثر تنظیمِ نو، اضافی انتظامی اکائیوں، مضبوط بلدیاتی نظام اور مناسب وسائل کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 4

گیا۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران غیر قانونی امیگریشن، انسانی اسمگلنگ اور منظم جرائم کی روک تھام کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون کو فروغ دینے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وزیرِمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے دوست ممالک کے ساتھ سکیورٹی تعاون اور پیشہ ورانہ تجربات کے تبادلے کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ داخلی سلامتی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مابین تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کا خواہاں ہے، کیونکہ غیر قانونی امیگریشن اور انسانی سمگلنگ جیسے مشترکہ چیلنجز کا مئوثر حل مربوط رابطوں ہی سے ممکن ہے۔ اس موقع پر طلال چوہدری نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے مالدیپ کے وزیرِ داخلہ کو دوطرفہ تعاون کے فروغ کے لیے ہرممکن تکنیکی و عملی معاونت کی یقین دہانی بھی کرائی۔ مالدیپ کے وزیرِ داخلہ علی احسان نے پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں برادر ممالک باہمی شراکت داری اور مشترکہ کاوشوں کے ذریعے درپیش سکیورٹی چیلنجز کا کامیابی سے مقابلہ کر سکتے ہیں۔ ملاقات میں سپیشل سیکرٹری داخلہ محمد شعیب اکبر اور وزارت داخلہ کے دیگر اعلیٰ افسران بھی شریک تھے۔

بقیہ 5

تجارتی حجم کو 13 ملین سے بڑھا کر 200 ملین ڈالرز تک لے جانے پر اتفاق کیا ہے، تجارتی حجم میں اضافے کے لیے کوششیں تیز کریں گے، مالدیپ کو آئی ٹی کے شعبے میں تکنیکی معاونت فراہم کریں گے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر معیزو نے کہا کہ بھرپور استقبال اور مہمان نوازی پر پاکستانی حکومت کا مشکور ہوں، پاکستانی قیادت سے علاقائی اور عالمی امور پر بھی گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان طے پانے والی 20 مفاہمتی یادداشتیں اہم پیش رفت ہیں، پاکستان، مالدیپ بزنس فورم میں تجارتی و اقتصادی تعاون کی نئی راہیں کھلیں گی۔ مالدیپ کے صدر کو ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری سے بھی نوازا گیا۔

بقیہ 6

نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کا استقبال کیا۔ وزیرِ اعظم ہاؤس میں دونوں رہنماؤں کے درمیان مصافحہ اور خوش گوار جملوں کا تبادلہ ہوا۔ استقبالیہ تقریب کے آغاز پر دونوں ملکوں کے قومی ترانے بجائے گئے، مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے معزز مہمان کو سلامی دی اور گارڈ آف آنر پیش کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد معیزو نے شہباز شریف سے اپنے وفد کے ارکان کا تعارف کروایا اور وزیرِ اعظم نے مالدیپ کے صدر سے اپنی کابینہ کے ارکان کا تعارف کروایا۔ واضح رہے کہ مالدیپ کے صدر 3 روزہ سرکاری دورے پر گزشتہ روز پاکستان پہنچے تھے۔ ترجمان دفترِ خارجہ کے مطابق مالدیپ کے صدر کا دورہ پاکستان دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات کے فروغ میں اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ 7

تزئین و آرائش اور سیف سٹی کا دائرہ کار بڑھانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ کشمیر چوک انڈر پاس کم ترین مدت میں تعمیر ہونے والا منصوبہ ہوگا، جسے جلد ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا، منصوبے کے دوران آنے والے تمام درختوں کو دوسری جگہ منتقل کیا گیا ہے، جبکہ اسلام آباد میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے بھی مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیرِ داخلہ کا کہنا تھا کہ اسلام آباد کو شہریوں کے لیے مزید بہتر اور پرکشش بنانے کے لیے ایف نائن پارک کی تزئین و آرائش کی جائے گی۔ کوشش ہے کہ ایف نائن پارک کی طرز پر مزید پارکس بھی بنائے جائیں تاکہ شہریوں کو تفریح کی بہتر سہولتیں میسر آسکیں، اسلام آباد کو تفریح کے حوالے سے ایک بہترین شہر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے لیے متعدد اقدامات کر رہی ہے، جبکہ اسلام آباد میں سیف سٹی منصوبے کا دائرہ کار بھی بڑھایا جا رہا ہے، شہر میں گاڑیوں کی شناخت کے حوالے سے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جاسکے۔

بقیہ 8

نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، مالیاتی خسارہ 22 سال کی کم ترین سطح پر آ گیا ہے۔ بدھ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلسل تین سال بنیادی بجٹ سرپلس رہا جبکہ گزشتہ دو مالی سالوں کے دوران ٹیکس وصولیوں میں 40 فیصد اضافہ ہوا جو معاشی استحکام اور اصلاحات کے مثبت نتائج کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 9

کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کیسکو کی جانب سے مبینہ طور پر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں کے مطابق سردی کے آغاز کے ساتھ ہی بجلی کی بندش میں اضافہ ہوگیا ہے اور بعض علاقوں میں کئی کئی گھنٹوں تک بجلی غائب رہنے لگی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی طویل بندش نے معمولاتِ زندگی کو بری طرح متاثر کردیا ہے، جبکہ سرد موسم میں بجلی کی عدم دستیابی کے باعث گھریلو صارفین خصوصا بچوں، بزرگوں اور خواتین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہیذ رائع اور شہریوں کے مطابق ہدہ، منوجان روڈ، کلی اللہ آباد، سپنی روڈ، بروری روڈ، جوائنٹ روڈ، ریلوے ہاسنگ سوسائٹی ارباب کرم خان روڈ اور سریاب روڈ سمیت مختلف علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 8 سے 10 گھنٹے تک پہنچ گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بعض علاقوں میں بجلی دن کے مختلف اوقات میں کئی مرتبہ بند کی جاتی ہے، جس کے باعث صارفین کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ بجلی کب بحال ہوگی اور کب دوبارہ بند کردی جائے گی کوئٹہ شہر کے دیگر علاقوں میں بھی بجلی کی بندش کی شکایات سامنے آرہی ہیں۔ ڈبل روڈ، سرکی روڈ، کانسی روڈ، مکانی روڈ، سورج گنج بازار اور ملحقہ علاقوں کے مکینوں کے مطابق انہیں بھی طویل دورانیے کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی مسلسل بندش کے باعث کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہورہی ہیں اور چھوٹے دکانداروں، تاجروں اور دیگر کاروباری افراد کو مشکلات کا سامنا ہے شہری محمد جان زیب مینگل نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سردی شروع ہوتے ہی کیسکو کی جانب سے بجلی کی بندش میں اضافہ کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب موسم سرد ہوگیا ہے اور دوسری جانب بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کے مسائل مزید بڑھادیے ہیں۔

بقیہ 10

ہسپتال کے سرد خانے میں رکھا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی رپورٹ درج کر کے تفتیش و قانونی کارروائی کا آغاز کردیا ہے تاکہ متوفین کی شناخت اور موت کی وجوہات کا تعین کیا جاسکے۔

بقیہ 11

شمعون، سراج احمد، آر ٹی ایس ایم کے انچارجز، گرلز و بوائز کالجز کے پرنسپلز، اساتذہ تنظیموں کے نمائندوں، این جی اوز اور پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کے ضلعی صدر منظور احمد پندرانی نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران آر ٹی ایس ایم کی رپورٹ کی روشنی میں مسلسل غیر حاضر اساتذہ کا معاملہ زیرِ بحث آیا، جس پر متعلقہ حکام کو ہدایت کی گئی کہ غیر حاضر اساتذہ کے خلاف ضابطے کے مطابق معطلی اور انکوائری کا عمل آگے بڑھایا جائے۔ اس اقدام کا مقصد سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی حاضری یقینی بنانا اور تعلیمی نظام میں نظم و ضبط قائم کرنا ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام ہائی اور مڈل اسکولوں میں داخلی انسپکشن کمیٹیاں تشکیل دے کر ماہانہ بنیادوں پر تعلیمی سرگرمیوں اور اساتذہ کی حاضری کی نگرانی کی جائے گی، جبکہ رپورٹس ڈی ڈی او آفس کے ذریعے متعلقہ حکام کو ارسال کی جائیں گی۔ کلسٹر انسپکشن کمیٹیوں کو بھی معائنے مکمل کر کے رپورٹس جلد پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول اوستہ کے ناقابلِ استعمال کمروں کو سیل کر کے طالبات کے لیے متبادل جگہ فراہم کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ اس کے علاوہ گزشتہ دس ماہ سے غیر فعال تین اسکول بسوں کو دوبارہ فعال بنانے کے لیے سیکرٹری تعلیم کو آگاہ کرنے اور ضروری اقدامات کی سفارش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے اس موقع پر زور دیا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی حاضری، تدریسی سرگرمیوں کی نگرانی اور سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعلیمی نظام میں بہتری کے لیے متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور غیر حاضری سمیت انتظامی معاملات میں غفلت کا تدارک کیا جائے۔ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں کو ضلع میں تعلیمی نظم وضبط بہتر بنانے اور طلبہ وطالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔

بقیہ 12

کے مرکزی سیکرٹریٹ (آفس) حسن پلازہ، فلیٹ نمبر 1، پٹیل باغ، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ میں جمع کرانے ہوں گے۔ کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی فیس ہر عہدیدار ایک ہزار روپے ہے جو ناقابل واپسی ہے کاغذات کی جانچ پڑتال اور واپسی کی تاریخ 25 اکتوبر ہے، کاغذات منظور یا مسترد ہونے کا اعلان 26 اکتوبر کو کیا جائے گا۔ کاغذات منظور یا مسترد ہونے کے خلاف اپیل 27 اکتوبر کی شام تک داخل کروائی جاسکے گی، اپیل پر سماعت 28 اکتوبر بروز بدھ کو ہوگی، جس کے بعد اسی روز نشانات الاٹ کیے جائیں گے۔ انتخابی کمپئین اسی دن دوپہر 2 بجے کے بعد شروع کی جاسکے گی جو 4 نومبر کی رات 12 بجے تک جاری رہے گی۔ جہاں الیکشن بوتھ کی ضرورت ہوگی وہاں علیحدہ بوتھ قائم کیا جائے گا۔ 5 نومبر بروز جمعرات کو الیکشن کے حوالے سے پولنگ کا عمل صبح 9 بجے سے بغیر کسی وقفے کے شام 4 بجے تک جاری رہے گا اور پولنگ کا وقت ختم ہوتے ہی پولنگ ایجنٹوں کی موجودگی میں ووٹوں کی گنتی شروع کردی جائے گی جس کے بعد نتائج کا اعلان کر دیا جائے گا۔ اگر الیکشن میں ایک ہی پینل کی صورت میں الیکشن کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ بلا مقابلہ عہدیداروں کی کامیابی کا اعلان کرے۔

بقیہ 13

، چاغی، واشک، کیچ اور دیگر اضلاع میں 50 کلو آٹے کی بوری 8 ہزار روپے سے تجاوز کرگئی۔ اس حوالے سے سیکرٹری خوراک بلوچستان کا کہنا ہے کہ پاسکو سے گندم خریدنے کیلئے بات چیت کررہے ہیں، آٹے کی قیمت کا تعین اور ریٹ پرعمل درآمد کرانا محکمہ انڈسٹریز اور ڈپٹی کمشنرز کا کام ہے۔

بقیہ 14

زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے تعلیم روزگار کے مواقع سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی میں پاکستان مسلم لیگ ن کی کاوشیں کسی سے پوشیدہ نہیں حلقہ انتخاب کی عوام علاقائی مسئلہ مسائل کے خاتمہ امن خوشحالی ترقی چاہتے ہوئے خوشحال زندگی بسر کررہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنرل کونسلر میونسپل کمیٹی سبی و سیاسی عوامی سماجی شخصیت میر اللہ داد جتوئی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر ریونیو و پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان بھر میں عوامی مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہوں کالجز یونیورسٹیز سمیت بلوچستان بھر میں تعلیمی درس گاہوں کی بہترین تعلیمی معیار کی بلندی اور زیر تعلیم طلباء و طالبات کو درپیش مسائل کے حل کے لئے بھی بھرپور جدوجہد کی جارہی ہے پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان سمیت ملک بھر کی عوام کو مسائل سے نجات دلانے کی صلاحیت رکھتی ہے پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی صدر میاں محمد نواز شریف و وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی ولولہ انگیز قیادت میں بلوچستان کی ترقی عوام کی خوشحالی میں ہمیشہ اول دستے کا کردار ادا کیا ہم نے کبھی عوام کے دلوں سے نہیں کھیلا اور نہ ہی سبز باغ دیکھا اور نہ ہی نوکریاں فروخت کی بلکہ اپنے وعدے پر مکمل عمل درآمد کرتے ہوئے علاقائی م مسائل کوحل کرکے عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں بھرپور جدوجہد کو اپنا مقصد بنایا اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے بلوچستان سمیت ملک وقوم کو ترقی خوشحالی کی جانب تیزی کے ساتھ گامزن کرنے میں کامیاب ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ میرے دروازے عوام کی خدمت کے لئے کھلے ہیں قبل ازیں میر اللہ داد جتوئی نے میر عاصم کرد گیلو سے حلقہ انتخاب سمیت سبی کی عوام کو درپیش مسئلہ مسائل سے آگہی فراہم کی۔

بقیہ 15

کو پیش کی جا ئیں گی۔ وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انور چوہدری نے اجلاس میں ورچوئل شرکت کی، جبکہ وزیرِمملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، وزیرِاعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت وصنعت رانا احسان افضل خان اور متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ ملک کے مختلف برآمدی شعبوں سے تعلق رکھنے والے کاروباری نمائندوں نے آن لائن اور بالمشافہ شرکت کی۔ وفاقی وزیرِتجارت جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان کی برآمدات میں تنوع، ویلیوایڈڈ مصنوعات کے فروغ اور نئی عالمی منڈیوں تک رسائی حکومت کی ترجیحات ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ برآمد کنندگان کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے تمام متعلقہ وزارتوں اور اداروں کے درمیان مئوثر رابطہ ضروری ہے۔ اجلاس میں توانائی کی بڑھتی قیمتوں، ٹرانسپورٹ اخراجات، ٹیکسوں اور پیداواری لاگت میں اضافے پر تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ شرکا نے بجلی اور گیس کی قیمتوں، کیپٹو پاور گیس لیوی، صوبائی انفراسٹرکچر لیویز، ٹیکس ریفنڈز کی ادائیگی، ڈیجیٹل انوائسنگ اور بینکاری ضوابط سے متعلق مسائل بھی اٹھائے۔ برآمد کنندگان نے بین الاقوامی شپنگ میں تاخیر اور بندرگاہوں کی سہولتوں سے متعلق مشکلات کی نشاندہی کی، جبکہ عالمی شپنگ میں رکاوٹوں کے پیش نظر برآمدی ادائیگیوں کی مدت میں لچک پیدا کرنے کی تجویز بھی دی گئی۔ ایف بی آر حکام نے ٹیکس ریفنڈز کے نظام میں بہتری اور ڈیجیٹل انوائسنگ سے متعلق اقدامات پر بریفنگ دی، جبکہ پیٹرولیم ڈویژن کے حکام نے گیس لیوی کے طریقہ کار اور متعلقہ امور پر وضاحت پیش کی۔ اجلاس میں پاکستان کی برآمدات کی مسابقت بہتر بنانے کے لیے بھارت اور بنگلہ دیش کو حاصل ترجیحی تجارتی سہولتوں کا جائزہ لینے کی تجویز بھی پیش کی گئی۔ کاروباری نمائندوں نے بہتر دوطرفہ تجارتی معاہدوں اور نئی عالمی منڈیوں تک رسائی کی ضرورت پر زور دیا۔ کاروباری برادری نے برآمد کنندگان کے لیے ایگزم بینک کی اسکیم کو سراہتے ہوئے اسے برآمدی فنانسنگ میں بہتری اور عالمی منڈیوں تک کاروباری رسائی بڑھانے کے لیے مثبت اقدام قرار دیا۔ وزیرِمملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے مختلف برآمدی شعبوں کے نمائندوں کو اپنے مسائل پیش کرنے کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ برآمد کنندگان کے مسائل تحریری شکل میں متعلقہ اداروں کو بھیجے جائیں گے

بقیہ 16

میری علی امین، شیخ وقاص اکرم، علی اصغر خان، سلمان اکرم راجہ سے بات ہوئی ہے، پوری پارٹی متحد ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہمارے ایم پی ایز متحد ہیں، انہوں نے کبھی پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی نہیں کی اور نہ کریں گے، مجھے ان پر فخر ہے، بانی چیرمین کو ان پر فخر ہے۔ بیرسٹر گوہر نے مزید کہا کہ ہمارے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی تھے، ہیں اور رہیں گے۔

بقیہ 17

کی ہے۔ عدالت نے حکم دیا کہ 10 روز میں سہیل آفریدی کی موجودگی اور حیثیت سے متعلق رپورٹ جمع کرائی جائے۔ بعدازاں کیس کی مزید سماعت 3 نومبر تک ملتوی کردی گئی۔

بقیہ 18

پلیانی میں پانی کے تنازعہ پرند اور لہڑی قبائل کے مابین لڑائی ہوئی جس کے دوران فریق مخالف کی جانب سے فائرنگ سے 30 سالہ محمد مرید ولد مرزا خان۔ اور 24 سالہ فائق علی ولد مرزا خان اقوام رند ساکن کوٹ پلیانی جو کہ زخمی ہوگئے جبکہ پولیس کو اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچ کر دونوں زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کردیا مزید پولیس ملزمان کی گرفتاری کیلئے کوشش کررہی ہیں

بقیہ 19

پاکستان اور سعودیہ کا رشتہ قیامت تک قائم دائم رہے گا، ہمیں فیلڈ مارشل اور وزیراعظم پر فخر ہے جنہوں نے مکہ معاہدہ کیا، پاکستان کی پچیس کروڑ عوام سعودیہ کی فوج ہے، اگر موقع دیا جائے تو پوری قوم شہادت کے لئے تیار ہے۔ شہزادہ منصور بن محمد السعود نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ یہاں کی مہمان نوازی سے بہت متاثر ہوا ہوں، سعودی پاک بزنس کونسل کا مقصد صرف کاروبار نہیں باہمی تعلقات کو بھی بڑھانا ہے، پاک سعودی بزنس کونسل کے تحت مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کریں گے۔ پرنس منصور بن محمد السعود کا کہنا تھا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے وسیع مواقع موجود ہیں، ہم طویل مدتی کاروباری تعلقات بنائیں گے، ان تعلقات کے ذریعے ہم وسیع کاروباری مواقع پیدا کریں گے، ہم پاکستانیوں کے لئے کاروباری کمپنیوں اور رئیل سٹیٹ میں سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد صرف گفت وشنید تک نہیں بلکہ عملی اقدامات بھی ہوگا، ہم دونوں ملکی کی خوشحال کے لیے اقدامات کریں گے، اس ایکسپو کے ذریعے ہم پاکستانی کمپنیوں کو سعودیہ میں سرمایہ کاری کے مواقع حاصل کرنے کا موقع دیں گے۔

بقیہ 20

پیچھے نہیں ہٹے گی۔ نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ 23 اکتوبر اسلام آباد سپر لانگ مارچ کے تیسرے مرحلے کا آغاز ہو جائے گا۔ لیاقت بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ امیر جماعت اسلامی کی لانگ مارچ کے تیسرے مرحلے کے آغاز کی ملک گیر احتجاج کی کال بروقت اقدام ہے۔ 23 اکتوبر جمعہ کو ضلعی ہیڈکوارٹرز پر پرامن احتجاج ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ رانا ثنا اللہ اور احسن اقبال نے تجویز کیا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات سے پہلے مذاکراتی کمیٹیوں کے نمائندے مل بیٹھیں اور دونوں مذاکراتی کمیٹیاں مذاکرات کی سفارشات کو حتمی شکل دے دیں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ ابھی تک حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی جانب سے معاملے میں پیش رفت کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ جماعت اسلامی پیٹرول پر فی لٹر لیوی بھتہ کے خاتمے سے عوام کو ریلیف دلانے کی جہدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اپنے اصولی موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گی۔

بقیہ 21

اور حوصلہ افزا نتائج سامنے آرہے ہیں۔ انہوں نے تمام تعلیمی افسران، ہائی سکول ہیڈ ماسٹرز اور اساتذہ کرام کو سخت ہدایت کی کہ وہ تعلیمی معیار کو بہتر بنانے پر اپنی تمام تر توانائیاں مرکوز کریں، کیونکہ تعلیمی نظام کے ساتھ ذرہ برابر سمجھوتہ کرنا نااہلی کے زمرے میں آتا ہے، جس پر سخت حساب لیا جائے گا۔

بقیہ 22

لازمی حصہ ہے۔ ان کے بقول، پاکستان کے ساتھ رابطہ برقرار رکھنے سے واشنگٹن کو ایسے اقدامات کی حوصلہ شکنی میں مدد مل سکتی ہے، جن پر بھارت کو تشویش ہے۔ روبیو نے واضح کیا کہ امریکا دنیا میں کہیں بھی دہشت گردی اور دہشت گردی کی سرپرستی کی مخالفت کرتا ہے۔ ان کے یہ بیانات ایک ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب پاکستان اور امریکا کے تعلقات اور خطے میں سفارتی روابط پر بحث جاری ہے۔

بقیہ 23

خاموشی اور مئوثر آواز نہ اٹھانے پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی اور گیس جیسے بنیادی حقوق وسہولیات سے محرومی کے باعث عوام میں شدید مایوسی پھیل رہی ہے۔ حب کی تاجر برادری اور شہریوں نے وزیرِاعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کیسکو (QESCO) کے اعلیٰ حکام سے فوری مطالبہ کیا ہے کہ حب میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سخت نوٹس لیا جائے اور صنعتی وتجارتی شہر میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 24

انتظامیہ زائرین کو محفوظ، پرامن اور آرام دہ ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ انہوں نے پاکستان ہاس میں جاری مختلف تعمیراتی وترقیاتی منصوبوں پرکام کی رفتار کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر مقیم زائرین نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے رہائشی، سفری اور سیکیورٹی انتظامات پر کامل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر چاغی اور اسسٹنٹ کمشنر تفتان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 25

ہے۔ پارٹی عدلیہ اور عدالتوں کا احترام کرتی ہے اور سمجھتی ہے کہ ہر شہری کو قانون کے مطابق انصاف ملنا چاہیے۔

بقیہ 26

جمعیت علماء اسلام کی شوریٰ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں موجودہ سیاسی صورتحال اور دیگر اہم معاملات پر غور کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بعض سیاسی جماعتیں جمعیت علماء اسلام کو دباؤ میں لانے اور ڈرانے کے لیے سرگرم ہوئیں، تاہم ہم نے ان باتوں کو اہمیت نہیں دی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے بعض ذمہ دار افراد کی جانب سے قائد جمعیت کی کردار کشی کی گئی، جس کی ہم مذمت کرتے ہیں۔ ہم اپنے قائد اور جامعہ کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے خلاف منفی مہم کو برداشت نہیں کریں گے۔ ایسے بیانات سے ہمارے قائد کا سیاسی قد کم نہیں ہوگا۔ سیاست دانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ حکمرانوں کی غلطیوں کی نشاندہی کریں اور اصولی بات کریں، اختلاف رائے کو کردار کشی کا ذریعہ نہیں بنانا چاہیے۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام 2018ء سے پاکستان تحریک انصاف کے خلاف رہی ہے، تاہم موجودہ حکومت نے جو اقدامات کیے ہیں، ان کے تناظر میں ہم پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کے ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات درست سمت میں نہیں جارہے، جبکہ خیبر پختونخوا کے ایک حصے میں ایمرجنسی اور دوسرے حصے میں گورنر راج کے اقدامات کو ہم مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ملک کے وسائل کے حوالے سے واضح موقف رکھتی ہے۔ ریکوڈک سمیت پاکستان کے تمام معدنی اور قدرتی وسائل عوام کی امانت ہیں، انہیں سستے داموں دوسروں کے حوالے کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ عوام کے وسائل کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے اور ہم کسی کوعوام کے حقوق غصب نہیں کرنے دیں گے۔ صوبائی حکومت کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا عبدالواسع نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے اپنے لوگوں نے ایک سال تک ان کی حکومت کے خلاف مہم چلائی، ہم نہ تو میر سرفراز بگٹی کی مخالفت کررہے ہیں اور نہ ہی یہ مناسب ہے کہ وہ ہمارے قائد کی مخالفت کریں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام اپنے کارکنوں کو منظم کرے گی اور اس حوالے سے قائد جمعیت کے حکم کا انتظار ہے۔ مخالفین جلد ہمارے پاس آئیں گے۔ انتخابی صورتحال پر بات کرتے ہوئے مولانا عبدالواسع نے الزام عائد کیا کہ چاروں صوبوں میں فارم 47 کا معاملہ موجود ہے اور اس حوالے سے سب کچھ عوام کے سامنے ہے۔ انہوں نے کہا کہ محسن نقوی بھی اس فارمولے کے خلاف ہیں۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ ملک میں فوری طور پر عام انتخابات کرائے جائیں۔ ان کے بقول شفاف انتخابات کے انعقاد سے دہشت گردی کے خاتمے اور ملکی معاملات کو درست کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ بلوچستان میں بھی عام انتخابات ناگزیر ہوچکے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ جمعیت علماء اسلام بلوچستان 17 نومبر سے 25 نومبر تک صوبے کے تمام اضلاع کا دورہ کرے گی، جہاں عوام کو سیاسی صورتحال سے آگاہ کرنے اور انہیں بیدار کرنے کے لیے رابطہ مہم چلائی جائے گی۔ بارڈر بندش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مولانا عبدالواسع نے کہا کہ افغانستان اور ایران کے ساتھ سرحدیں بند کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ اگر دہشت گرد سرحد پار سے آرہے ہیں تو اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، تاہم عوام کا روزگار بند نہیں ہونا چاہیے۔ عوام کے ساتھ مذاق بند کیا جائے، افغانستان اور ایران کے بارڈرز کھولے جائیں اور مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مائنز اینڈ منرلز اور مدارس سے متعلق ایکٹس اسمبلی میں پیش کیے جائیں تاکہ ان معاملات پر قانون ساز اداروں میں بحث اور فیصلہ سازی ہوسکے۔ مولانا عبدالواسع نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوامی حقوق اور جمہوری اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔ اگر حالات ایسے پیدا کیے گئے کہ اسمبلیوں سے استعفے دینا پڑے تو اس سے بھی گریز نہیں کریں گے۔ بلوچستان میں گورنر راج کا نفاذ ایک غیر قانونی اقدام ہوگا، جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ جمعیت علماء اسلام اپنے مؤقف پر قائم رہے گی اور عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی سیاسی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 27

ہر شخص اپنا کردار ادا کرتے ہوئے سیکورٹی فورسز کے ساتھ مکمل تعاون کرے تاکہ ملک دشمن عناصر کی سرکوبی ممکن ہوسکے انہوں نے دہشت گردی کے واقعات میں قیمتی جانوں کے نقصان پر بھی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے خصوصی دعا جبکہ لواحقین سے اظہار تعزیت بھی کیا ملک وقوم کے دعاع بلوچستان میں امن کے قیام کے لئے شہداء کی قربانیوں کو مشل راہ بناتے ہوئے ہر فورم پر جدوجہد کرتے ہوئے ملک وقوم کو عظیم سے عظیم تر بنائیں گے۔

بقیہ 28

بلدیاتی اداروں کی اہمیت اجاگر کی۔ چیئرمین سینیٹ نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سیاسی کردار اور اہمیت کے پیش نظر پارٹی عہدیداران اور کارکنوں پر زور دیا کہ وہ آنے والے وقت کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے عوام سے مئوثر رابطے، عوامی مسائل کے حل اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لئے کارکنوں کی فعال شمولیت کو اہم قرار دیا۔

بقیہ 29

مشکلات کا سامنا ہے جس کے باعث ان کی روزمرہ کاروباری سرگرمیاں فلج ہوکررہ گئی ہیں۔ اپنے ایک جاری کردہ بیان میں جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے شعبہ نشر واشاعت کے ترجمان نے کہا کہ مذکورہ تمام تر شاہراہ اور مارکیٹیں کوئٹہ شہر کے مرکزی تجارتی مراکزی حیثیت رکھتے ہیں، جہاں بجلی کی بلاتعطل اور مستحکم فراہمی کاروبار اور ہزاروں افراد کے روزگار کے لیے انتہائی ناگزیر ہے۔ لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ کیسکو کی جانب سے کی جانے والی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے تاجر برادری کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے اور انہیں سخت مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ترجمان نے کیسکو اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ تجارتی علاقوں میں جاری غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فورا نوٹس لیا جائے، بجلی کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور تاجروں کو مزید مالی نقصانات اور پریشانیوں سے بچانے کے لیے عملی اور مئوثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ 30

تاجروں نے فوری طور پر دکان کا شٹر باہر سے بند کر دیا۔ شٹر بند ہوتے ہی بازار میں موجود شہری اور تاجر جمع ہوگئے اور دونوں ڈکیتوں کو دکان کے اندر ہی گھیر لیا۔ مشتعل ہجوم نے ڈکیت ملزم کی خوب درگت بنائی اور انہیں پکڑ کر بازار میں عبرت کا نشان بنادیا۔ جب کہ اس کا دوسرا ساتھی فرار ہوگیا۔ عینی شاہدین کے مطابق آج خضدار کے عام شہریوں اور دکانداروں نے جس بہادری اور اتحاد کا مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین ہے۔ اس واقعے نے ثابت کردیا ہے کہ خضدار کے تاجر اور عوام اپنی حفاظت خود کرنا جانتے ہیں۔ انجمن تاجران خضدار کے عہدیداران اور شہریوں نے اس بہادری پر تمام دکانداروں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ملزم ڈکیت کھٹان کا رہائشی ہے۔ شہری اگر اس طرح بہادری دکھائیں تو کسی کو بھی جرات نہیں ہوگی کہ وہ اس طرح ڈاکہ زنی اور رہزنی کرے۔

بقیہ 31

ہے کہ سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان دفاعی معاہدہ بھی پارلیمنٹ کے سامنے نہیں لایا گیا۔ سابق چیئرمین سینیٹ نے مطالبہ کیا ہے کہ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس فوری طلب کیا جائے، جوان کیمراہی کیوں نہ ہو، پارلیمان کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے۔

بقیہ 32

موقع پر کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل خان کی ہدایات واحکامات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بناتے ہوئے قومی پولیو مہم کو کامیاب بنایا جائے پولیو کے ناسور کے خاتمہ کیلئے والدین سول سوسائٹی میڈیا سمیت تمام مکاتب فکر کے افراد کو اول دستے کا کردار ادا کرنا ہوگا پولیو جیسے موذی مرض کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے صحت مند معاشرے کا قیام پولیو وائرس کے مکمل خاتمے کے بغیر ممکن نہیں ہم سب کا قومی فریضہ ہے کہ اس ناسور کے خاتمہ کیلئے بڑھ چڑھ کر حصہ لیں انہوں نے قومی پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز 30 اکتوبر کو افتتاحی تقریب سے کریں گے جبکہ سبی شہر میں عوام کو صاف ستھرا صحت مند ماحول کی فراہمی کے لئے خصوصی صفائی مہم کا آغاز کرکے گندگی کا خاتمہ کریں گے انہوں نے مزید کہا کہ علاقائی صحافی ہماری آنکھ کان کا رول پلے کرتے ہوئے ہمارے اور عوام کے درمیاں رابطہ پل کا کردار ادا کرتے ہے ان کی فلاح وبہبود کے ساتھ ساتھ علاج معالجے پر بھی توجہ دیں گے بہت جلد سبی پریس کلب کا تفصیلی دورہ بھی کیا جائے گا مسئلہ مسائل کو حل کریں گے خوشگوار لمحات میں کمشنر سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے سبی میں عوام کو درپیش مسئلہ مسائل کے حوالے سے بھی پوچھنے کے علاوہ صحت تعلیم پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو بھی یقینی بنانے کے احکامات بھی جاری کیے واضح رہے کہ سبی میں پولیو مہم کے دوران ضلع سبی کی دو تحصیل سبی لہڑی اور تین سب تحصیل کوٹ منڈائی، سینگان، بابر کچھ کی 19 یونین کونسل میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔

بقیہ 33

روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور انہیں معاشی طور پر مستحکم بنانے کی کوششیں ضروری ہیں۔ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے سے نہ صرف ان کے معاشی مسائل میں کمی لائی جاسکتی ہے بلکہ علاقے کی مجموعی ترقی میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کی خوشحالی، علاقے کی تعمیر وترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔ ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے عوامی ضروریات کو پورا کرنا اور انتخابی وعدوں کو عملی شکل دینا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ عوام کو ترقی کے ثمرات میسر آئیں اور علاقے میں خوشحالی، روزگار اور بہتر سہولیات کے مواقع بڑھیں۔

بقیہ 34

نے کہا کہ پنجاب کی وزیرِ اعلیٰ نے خراب معاشی حالات کے باوجود 11 ارب کا جہاز خریدا، پنجاب کے سرکاری اسکولوں کے نتائج بہت خراب آئے ہیں، کراچی یونیورسٹی کا سندھ حکومت نے براحال کر دیا ہے، ماضی میں کراچی یونیورسٹی میں سواسو پوائنٹ چلتے تھے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ اپنے زیرِ انتظام ٹانز میں تعلیم کارڈ متعارف کرایا ہے، طلبہ کو باعزت طریقے سے تعلیمی وظائف دے رہے ہیں، گلبرگ ٹان میں 10 ہزار تعلیم کارڈ جاری کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فنڈز کی کمی کے باوجود شہر بھر میں ترقیاتی کام کر رہے ہیں، سندھ حکومت کی قیادت میں کرپشن ہورہی ہے، کراچی اور سندھ میں تعلیمی نظام کی صورتِ حال تشویش ناک ہے۔

بقیہ 35

حسن رضوی نے ریمارکس دیے کہ عدالت نے حبس بے جا کے ہائیکورٹ فیصلے کے خلاف اپیل پر فیصلہ دیا، لڑکی اور لڑکا عدالت میں پیش ہوئے۔ لڑکی کا برتھ سرٹیفکیٹ 10 سال بعد بنوایا گیا جبکہ لڑکی کا نادرا سرٹیفکیٹ 8 سال بعد حاصل کیا گیا۔ قائم مقام چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ لڑکی ماریہ شہباز نے عدالت میں بیان دیا وہ کم سن نہیں بلکہ بالغ ہے، لڑکی کی عمر سے متعلق کسی فورم پر نشاندہی نہیں کی گئی۔ وکیل ثاقب جیلانی نے دلائل دیے کہ تمام عدالتی فورم پابند تھے کہ لڑکی کی ویلفیئر کو پروٹیکٹ کرتے۔ جسٹس حسن رضوی نے ریمارکس دیے کہ وفاقی عدالت کے سامنے کیس لڑکی کی عمر کا نہیں تھا، عدالت کے سامنے حبس بے جا کے ہائیکورٹ فیصلے پر اپیل تھی۔ لڑکی کے عمر پر فریقین کو چاہیے تھا فیملی کورٹ سے رجوع کرتے۔ قائم مقام چیف جسٹس حسن رضوی نے ریمارکس دیے کہ کورٹ اسٹاف کے مطابق لڑکے کو نوٹس کی تعمیل نہیں ہوئی، لڑکی لڑکے کو دوبارہ نوٹس کر رہے ہیں۔ وفاقی آئینی عدالت نے دلائل کے بعد شادی شدہ جوڑے شہر یار اور ماریہ کو دوبارہ نوٹس جاری کر دیا۔

بقیہ 36

آ ئیں۔ یہ پیش رفت سعودی عرب میں فضائی خطرات اور خطے میں جاری کشیدگی کے تناظر میں سامنے آئی ہے، سعودی حکام کی جانب سے واقعے کی مزید تفصیلات جاری کیے جانے کے بعد صورت حال واضح ہو سکے گی۔ دوسری جانب حوثی ملیشیا کے خلاف آپریشن فجر الیمن جاری ہے، یمنی فورسز نے 200 حوثیوں کو ہلاک کرنے کا دعوی کیا ہے۔ یمنی فوج کے ترجمان کرنل ماجد النزیلی کے مطابق 24 گھنٹوں میں حوثیوں کے خلاف 744 حملے کئے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ حوثی ملیشیا کے کمانڈ سینٹرز، جنگجوں، اسلحہ گوداموں کو نشانہ بنایا گیا، صوبہ تعز میں حوثی ملیشیا کی پیش قدمی روک دی گئی۔ حوثی باغیوں کے حالیہ حملوں کے بعد 10 اکتوبر سے عارضی طور پر بند سعودی دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو محدود اور سخت ترین شرائط کے ساتھ فضائی ٹریفک کیلئے دوبارہ کھول دیا گیا ہے۔ سعودی عرب کی سول ایوی ایشن اتھارٹی کے جاری تازہ نوٹم کے مطابق ریاض ایئرپورٹ پر آمد اور روانگی کی پروازوں کیلئے ایوی ایشن اتھارٹی سے پیشگی اجازت لینا لازمی ہے۔ سیکیورٹی وجوہات کی بنا پر کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ریاض کو متبادل ایئرپورٹ کے طور پر استعمال کرنے پر بھی پابندی عائد کردی گئی ہے۔

بقیہ 37

باعث ہنڈرڈ انڈیکس 814 پوائنٹس کمی کیساتھ ایک لاکھ 65 ہزار 151 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ 38

ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ گنداخہ میں جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے موجودہ ایس ایچ او کی کارکردگی پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ وہ شہر میں امن وامان برقرار رکھنے میں ناکام رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق تھانے کے قریب واقع کاروباری مرکز میں اس نوعیت کی واردات تشویش ناک ہے اور اس معاملے کی سنجیدہ بنیادوں پر تحقیقات ہونی چاہئیں۔ عوامی، سیاسی اور سماجی حلقوں نے ڈی آئی جی نصیر آباد رینج اور ایس پی اوستا محمد سے مطالبہ کیا ہے کہ گنداخہ میں امن وامان کی صورتِ حال کا فوری نوٹس لیا جائے، پیٹرول پمپ سے چوری کی واردات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے چوری شدہ رقم برآمد کی جائے اور پولیس کی کارکردگی کا جائزہ لے کر ایک فرض شناس، قابل اور تجربہ کار افسر کو ایس ایچ او گنداخہ تعینات کیا جائے تاکہ شہر میں امن وامان کی بہتری اور شہریوں کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 39

سہولتوں کی کمی کے خلاف کئی روز سے جاری احتجاج جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق احتجاج کے دوران مظاہرین کی جانب سے توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے واقعات میں 1000 ہزار پولیس اہلکار بھی زخمی ہوئے جب کہ 2400 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق احتجاج پر قابو پانے کے لیے پیرس، لیون، نیس اور شمالی علاقوں میں نقل وحرکت پر پابندیاں عائد کی گئی ہے اور کئی جگہوں پر کرفیو کا نفاذ کیا گیا ہے۔

بقیہ 40

جانب سے یہ بیان سعودی قیادت میں قائم اتحاد کے اس دعوے کے بعد سامنے آیا ہے جس میں کہا گیا تھا کہ اس نے مدینہ منورہ اور سعودی عرب کے مشرقی علاقے کے اوپر پانچ ڈرونز کو روک لیا ہے۔ سعودی قیادت میں قائم اتحاد نے دعوی کیا تھا کہ فضائی دفاعی نظام نے مدینہ منورہ اور مشرقی علاقے کی فضائی حدود میں ڈرونز کو روک کر تباہ کردیا۔ تاہم حوثیوں نے اس دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کسی بھی فوجی کارروائی میں ملوث ہونے سے انکار کیا ہے۔ تاحال دونوں جانب کے بیانات میں اختلاف برقرار ہے۔ ڈرونز کی اصل شناخت اور ان کے بھیجے جانے کے ذمہ داروں سے متعلق آزادانہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب مشرقِ وسطیٰ میں علاقائی کشیدگی اور یمن سے متعلق سکیورٹی خدشات برقرار ہیں۔

بقیہ 41

ملک گیر احتجاج کے دوران کئی مقامات پر مظاہرے پرتشدد ہوگئے۔ دکانوں میں لوٹ مار، پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپوں اور سرکاری عمارتوں کو آگ لگائے جانے کے واقعات سامنے آئے۔

بقیہ 42

سب سے طویل جدوجہد کی ہے اور ہر چیلنج کے سامنے ڈٹ کر کھڑا رہا ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے ہمیشہ مفاہمت اور مذاکرات کی سیاست پر یقین رکھا ہے۔ انہوں نے ملک کو انتشار سے بچانے کے لیے ہمیشہ سیاسی قوتوں کو ایک میز پر بٹھانے کی کوشش کی ہے، یہی وجہ ہے کہ آج تمام سیاسی جماعتیں ان کی سیاسی بصیرت کو تسلیم کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم مسلم لیگ (ن) سے اپنا سیاسی گلہ ضرور رکھتے ہیں کہ جمعیت علما اسلام نے ہر مشکل وقت میں مسلم لیگ (ن) کا غیر مشروط ساتھ دیا، اپوزیشن کے سخت ترین دور میں بھی ہم ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہے، ان کے مشکلات کو اپنا مشکل تصور کیا ان کیلئے آسانیاں پیدا کی۔ تاہم آج سب سے زیادہ جمہوریت کو نقص پہنچانے میں مسلم لیگ ن سرفہرست ہے اور مولانا فضل الرحمان کا حقیقت پر مبنی موقف ان پر بھاری ثابت ہورہا ہے۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کے چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر تک لاکھوں چاہنے والے اور کارکنان موجود ہیں۔ ان کی سیاست علاقائی نہیں بلکہ قومی اور ملکی سیاست ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے ہر مشکل مرحلے پر ملک کے وقار اور جمہوری تسلسل کا ساتھ دیا ہے۔ وہ وہ واحد سیاستدان ہیں جنہوں نے ملک کو سیاسی عدم استحکام سے نکالنے کے لیے ہمیشہ اپنا کردار ادا کیا اور ذاتی رنجشوں کو قومی مفاد پر قربان کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک کو جس سیاسی حکمت اور تدبر کی ضرورت ہے وہ صرف مولانا فضل الرحمٰن کے پاس ہے۔ سیاستدانوں کو ان سے سیکھنا چاہیے کہ اصولوں پر سمجھوتہ کیے بغیر ملک کی سیاست کو کیسے آگے بڑھایا جاتا ہے۔ میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان پر تنقید کرنے والے دراصل ملک میں مستحکم سیاست کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ وہ نہیں چاہتے کہ ملک میں ایک مضبوط اور تجربہ کار قیادت موجود رہے جو ہر بحران میں قوم کی رہنمائی کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان اپنے قائد مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی ہے۔ ہم ہر فورم پر ان کے بیانیے کا دفاع کریں گے اور انشا اللہ آنے والے وقت میں ثابت ہوگا کہ مولانا فضل الرحمٰن ہی کے طرز سیاست میں ملکی مسائل کا حل پوشیدہ ہے اور مولانا فضل الرحمان ہی ملک کی سیاست کا اصل محور ہیں۔

بقیہ 43

کر 30 منٹ پر روانہ ہوگی اور اگلے روز صبح 7 بج کر 15 منٹ پر اسلام آباد پہنچے گی واپسی کے سفر کا دورانیہ تقریبا 7 گھنٹے 45 منٹ مقرر کیا گیا ہے پی آئی اے نے ناروے کی فضائی کمپنی نورس اٹلانٹک ایئرویز کے ساتھ دو بوئنگ 9-787 ڈریم لائنر طیاروں کے ویٹ لیز معاہدے پر بھی دستخط کیے ہیں ان طیاروں میں عملہ، دیکھ بھال اور انشورنس کی سہولیات بھی معاہدے کے تحت فراہم کی جائیں گی دونوں طیاروں کی نومبر 2026 میں پی آئی اے کے بیڑے میں شمولیت متوقع ہے ان کے ذریعے برطانیہ سمیت طویل فاصلے کے بین الاقوامی روٹس پر فضائی آپریشن کی استعداد بڑھانے کا منصوبہ ہے پی آئی اے اس سے قبل لندن کے لیے بھی اپنے فضائی آپریشن میں توسیع کا اعلان کرچکی ہے 27 اکتوبر سے پاکستان اور لندن کے درمیان ہفتہ وار پروازوں کی تعداد چار سے بڑھا کر سات کرنے کا منصوبہ سامنے آیا تھا، جس کے تحت اسلام آباد اور لاہور سے پروازیں چلائی جائیں گی قومی فضائی کمپنی کے مطابق اضافی طیاروں اور نئے روٹس کا مقصد برطانیہ اور پاکستان کے درمیان سفر کے بڑھتے ہوئے تقاضوں کو پورا کرنا اور مسافروں کو زیادہ سفری انتخاب فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 44

جائے۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کے صدر دفتر میں ایران کے سفیر اور ناظم الامور غلام حسین درزی کے دستخط سے لکھا گیا یہ خط اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور سلامتی کونسل کے موجودہ صدر کو بھیجا گیا ہے۔ خط میں ایرانی نمائندے نے دونوں عہدیداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر امریکا اور اسرائیلی حکومت سے غیر قانونی دھمکیاں ختم کرنے اور اقوام متحدہ کے منشور اور بین الاقوامی قانون کے لازمی قواعد کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی مکمل پابندی کرنے کا مطالبہ کریں۔

بقیہ 45

کہ ملزمان شہر میں اسٹریٹ کرائم اور موبائل فون چھیننے کی درجنوں وارداتوں میں ملوث تھے۔ انہوں نے حالیہ دنوں میں گلستانِ جوہر، مبینہ ٹان، بہادرآباد اور ملحقہ علاقوں میں بھی وارداتیں کی تھیں۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے تین غیر قانونی پستول، گولیاں، متعدد موبائل فونز اور نقدی برآمد ہوئی ہے، جبکہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا رکشہ بھی تحویل میں لے لیا گیا۔

بقیہ 46

حکومت کی کوشش ہے کہ دستیاب وسائل کو عوامی مفاد میں استعمال کیا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات صوبے کے دور دراز علاقوں تک پہنچائے جائیں۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل کو یقینی بنانا ناگزیر ہے۔ متعلقہ حکام اور افسران کی ذمہ داری ہے کہ وہ منصوبوں کی نگرانی مؤثر انداز میں کریں، تعمیراتی کاموں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی کی صورت میں ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا

کوئٹہ، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ صوبے میں جاری فیڈرل پروجیکٹس پر منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان بھی موجود ہیں

سبی وگردونواح میں پولیو کے خلاف مہم کا آغاز 30 اکتوبر سے ہوگا، عرفان اللہ

سبی میں صاف ستھرائی کے لئے خصوصی صفائی مہم کا آغاز بھی کرکے شہر کی خوب صورتی کو بحال کیا جائے گا

سبی (اے این این) سبی ڈویژن عرفان اللہ خان نے کہا ہے کہ سبی وگردونواح میں پولیو کے خلاف مہم کا آغاز 30 اکتوبر کا باقاعدہ افتتاح کرکے کریں گے جبکہ سبی میں صاف ستھرائی کے لئے خصوصی صفائی مہم کا آغاز بھی کرکے شہر کی خوب صورتی کو بحال کیا جائے گا میڈیا نمائندگاں ہمارا قیمتی سرمایہ ہے ان کی فلاح وبہبود علاج معالجے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبی پریس کلب (رجسٹرڈ) کے صدر حاجی سعید الدین طارق کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی ڈبلیو ایچ او کے نمائندے موجود تھے جبکہ سبی پریس کلب کے سرپرست اعلی میاں محمد یوسف چیئرمین ڈاکٹر قاسم شاہ بخاری سینئر صحافی شاعر ادیب حاجی ریاض ندیم نیازی سینئر جوائنٹ سیکرٹری سید طاہر علی سید جاوید شاہ بھی موجود تھے قبل ازیں تعارف کے بعد میاں محمد یوسف سید طاہر علی کی بیماری کے حوالے سے گفتگو کی گئی جبکہ کمشنر وڈپٹی کمشنر سبی کو پریس کلب کی دعوت بھی دی گئی ملاقات کے (بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اولین ترجیح ہے، فیصل جمالی

انتخابی وعدوں کی تکمیل کے لیے پرعزم ہیں، نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور معاشی استحکام کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں

گنداخہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما وصوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور علاقے کی تعمیر وترقی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انتخابات کے دوران عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل کے لیے پرعزم ہیں اور عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت محض ایک وعدہ نہیں بلکہ ایک اہم ذمہ داری ہے، جس کی تکمیل کے لیے عوام کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں پر توجہ دی جا رہی ہے۔ ہمارا مقصد علاقے میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانا، شہریوں کو درپیش مسائل میں کمی لانا اور لوگوں کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات کرنا ہے سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ کسی بھی علاقے کی ترقی میں نوجوانوں کا کردار انتہائی اہم ہوتا ہے، اسی لیے نوجوانوں کے لیے (بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

فرانس میں پرتشدد احتجاج کے ذریعے بغاوت کا منصوبہ تیار کیا گیا تھا، وزیر اعظم

گزشتہ ہفتے کے تشدد سے نمٹنے کے لیے سیکیورٹی انتظامات ناکافی رہے، وزیر اعظم کا اعتراف

پیرس (جی این ایم) فرانس کے وزیر اعظم سباستیاں لیکورنو نے ملک میں مہنگائی اور بڑھتی ہوئی قیمتوں کے خلاف مظاہروں کے دوران ہونے والے پرتشدد واقعات کے بعد آئندہ ہفتے کے اختتام پر بڑے پیمانے پر پولیس تعینات کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ گزشتہ ہفتے کے تشدد سے نمٹنے کے لیے سیکیورٹی انتظامات ناکافی رہے۔ خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق وزیر اعظم نے منگل کو پارلیمان میں ارکان کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ آئندہ ہفتے ہفتے کے روز مظاہروں کے موقع پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی جائے گی۔ انہوں نے انتہائی بائیں بازو کے انتہا پسند گروہوں پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے فسادات کے لیے بغاوت پر مبنی منصوبہ تیار کیا تھا۔ فرانس میں ہفتے کے روز مہنگائی اور اخراجات زندگی کے خلاف (بقیہ 41 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران امریکا ثالثی سے متعلق امور پارلیمنٹ میں پیش نہیں کیے گئے: رضا ربانی

اسلام آباد (اے این این) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی سے متعلق امور پارلیمنٹ میں پیش نہیں کیے گئے۔ ایک بیان میں میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ قومی سلامتی کے اہم امور پر پارلیمنٹ میں کوئی بحث نہیں ہوئی، وفاقی حکومت آئین کے آرٹیکل 91 کی شق 6 کو فراموش نہ کرے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کابینہ آئین کے تحت سینیٹ اور قومی اسمبلی کے سامنے اجتماعی طور پر جوابدہ ہے۔ رضا ربانی کا کہنا (بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

پورے کراچی میں تعلیم کارڈ جاری کریں گے: حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی (اے این این) جماعتِ اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہم اپنی تحریک کا تیسرا فیز شروع کر رہے ہیں، جمعے کو 150 شہروں میں لیوی کے خلاف احتجاج کیا جائے گا۔ کراچی میں خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پورے کراچی میں تعلیم کارڈ جاری کریں گے، ریاست کی ذمے داری ہے کہ وہ مفت معیاری تعلیم دے، تعلیمی بجٹ کہاں جاتا ہے کچھ نہیں پتہ۔ انہوں (بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

حوثیوں نے مدینہ منورہ کی جانب ڈرون بھیجنے کی تردید کردی

صنعاء (اے این این) یمن کے حوثی گروپ نے سعودی عرب کے مقدس شہر مدینہ منورہ کی جانب ڈرون بھیجنے اور سعودی سرزمین پر کسی بھی قسم کی فوجی کارروائی کرنے کی تردید کردی ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق حوثیوں کے فوجی ترجمان یحیی سریع نے کہا ہے کہ ان کی تنظیم نے نہ مدینہ منورہ کی طرف کوئی ڈرون روانہ کیا اور نہ ہی سعودی عرب کے خلاف کوئی فوجی آپریشن کیا ہے۔ حوثیوں کی (بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

خضدار بازار میں تاجروں اور شہریوں کی بہادری، ہندو تاجر کو لوٹنے کی کوشش ناکام

دکانداروں نے ڈکیت کو دکان میں بند کرکے پولیس کے حوالے کردیا، ایک ساتھی فرار، تاجر برادری کا دکانداروں کو خراجِ تحسین

خضدار (یو این اے) خضدار بازار میں گزشتہ روز عوام اور تاجروں نے چور کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کردیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات موٹر سائیکل پر سوار دو مسلح ڈکیتوں نے بازار میں ایک ہندو تاجر کو اس وقت لوٹنے کی کوشش کی جب وہ دکان بند کرکے گھر جا رہا تھا۔ تاجر نے جیسے ہی ڈاکوؤں کو دیکھا تو حکمت عملی سے دوسرے ساتھ والی دکان کے اندر چلا گیا۔ ڈکیت لوٹ مار کے لیے جیسے ہی دکان میں داخل ہوئے تو موقع پر موجود دیگر دکانداروں اور (بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

شہر کے مرکزی تجارتی مراکز میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی شدید مذمت، جے یو آئی ضلع کوئٹہ

کیسکو حکام تجارتی بازاروں میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائیں اور تاجروں کو مالی نقصان سے بچائیں، ترجمان

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان نے لیاقت بازار، قندھاری بازار، سورج گنج بازار، جناح روڈ، منصفی روڈ، عبدالستار روڈ اور ملحقہ علاقوں میں جاری طویل وغیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بجلی کی مسلسل اور بے وقت بندش سے تاجروں، دوکانداروں اور مجموعی کاروباری طبقے کو سنگین (بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3 پر)

مسیحی لڑکی کی عمر سے متعلق تنازع، وفاقی آئینی عدالت کا شادی شدہ جوڑے کو دوبارہ نوٹس

لڑکی کے عمر پر فریقین کو چاہیے تھا فیملی کورٹ سے رجوع کرتے، قائم مقام چیف جسٹس کے ریمارکس

اسلام آباد (جی این ایم) مبینہ کم سن مسیحی لڑکی ماریہ شادی نظرثانی کیس میں وفاقی آئینی عدالت نے شادی شدہ جوڑے شہر یار اور ماریہ کو دوبارہ نوٹس جاری کر دیا۔ قائم مقام چیف جسٹس حسن رضوی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت، جسٹس کے کے آغا نے ریمارکس دیے کہ یہ نظر ثانی کا کیس ہے، وکلا نشاندہی کریں فیصلے میں غلطی کیا ہے۔ وکیل ثاقب جیلانی نے دلائل دیے کہ فیصلے میں جن عدالتی نظائر پر انحصار کیا گیا وہ نظیریں تبدیل ہو چکی ہیں، شرعی عدالت نے نئی نظیر دی ہے جس کی تمام عدالتیں پابند ہیں۔ جسٹس (بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3 پر)

فرانس میں پرتشدد احتجاج پر قابو پانے کیلئے کئی شہروں میں کرفیو نافذ، 2400 افراد گرفتار

کئی روز سے جاری احتجاج میں مظاہرین کی توڑ پھوڑ، جلاؤ گھیراؤ کے دوران ایک ہزار پولیس اہلکار زخمی ہوئے، حکام

پیرس (جی این ایم) فرانس میں پرتشدد احتجاج پر قابو پانے کے لیے کئی شہروں میں کرفیو نافذ کردیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق فرانس میں بڑھتی مہنگائی، بے روزگاری اور تعلیمی سہولتوں کی کمی کے خلاف کئی روز سے جاری احتجاج جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق احتجاج کے دوران مظاہرین کی جانب سے توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے واقعات میں 1000 ہزار پولیس اہلکار بھی زخمی ہوئے جب کہ 2400 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق احتجاج پر قابو پانے کے لیے پیرس، لیون، نیس اور شمالی علاقوں میں نقل وحرکت پر پابندیاں عائد کی گئی ہے اور کئی جگہوں پر کرفیو کا نفاذ کیا گیا ہے۔ فرانس میں پرتشدد احتجاج پر قابو پانے کے لیے کئی شہروں میں کرفیو نافذ کردیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق فرانس میں بڑھتی مہنگائی، بے روزگاری اور تعلیمی (بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

پی آئی اے کا یکم دسمبر سے برمنگھم کے لیے پروازیں شروع کرنے کا اعلان

پروازیں منگل، جمعرات اور ہفتے کے روز اسلام آباد سے آپریٹ کی جائیں گی، رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) نے برطانیہ کے لیے اپنے فضائی آپریشن میں توسیع کا فیصلہ کرتے ہوئے یکم دسمبر سے اسلام آباد اور برمنگھم کے درمیان براہِ راست پروازیں شروع کرنے کا اعلان کیا ہے نئے روٹ سے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں، طلبہ، کاروباری افراد اور دیگر مسافروں کو سفر کے لیے ایک اضافی سہولت میسر آئے گی تفصیلات کے مطابق پی آئی اے اسلام آباد اور برمنگھم کے درمیان ہفتے میں تین پروازیں چلائے گی یہ پروازیں منگل، جمعرات اور ہفتے کے روز آپریٹ کی جائیں گی، جبکہ اس روٹ پر بوئنگ 777 طیارے استعمال کیے جائیں گے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق پرواز پی کے 791 اسلام آباد سے دوپہر 12 بج کر 15 منٹ پر روانہ ہوکر برمنگھم مقامی وقت کے مطابق شام 4 بجے پہنچے گی اس سفر کا دورانیہ تقریبا 8 گھنٹے 45 منٹ ہوگا واپسی کی پرواز پی کے 792 برمنگھم سے شام 6 بج (بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

عوام کے حقوق پر ڈاکہ نہیں ڈالنے دیں گے، مولانا عبدالواسع

ملک میں فوری طور پر عام انتخابات کرائے جائیں، کیونکہ عوامی مینڈیٹ کے مطابق نمائندہ حکومت کے قیام سے سیاسی بحران اور دیگر مسائل کے حل کی راہ ہموار ہوسکتی ہے

جے یو آئی بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی صوبائی مجلس عاملہ کے ہمراہ پریس کانفرنس، فوری عام انتخابات کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اگر گورنر راج نافذ کیا گیا تو یہ ایک غیر قانونی اقدام ہوگا، ہم عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ملک میں فوری طور پر عام انتخابات کرائے جائیں، کیونکہ عوامی مینڈیٹ کے مطابق نمائندہ حکومت کے قیام سے سیاسی بحران اور دیگر مسائل کے حل کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔ جمعیت علماء اسلام حق کو حق اور غلط کو غلط کہنے کی پالیسی پر کاربند ہے اور اپنے قائد کی کردارکشی کسی صورت برداشت نہیں کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں صوبائی مجلس عاملہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان کے حالات سب کے سامنے ہیں، (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

شہداء کی قربانیوں کو کسی صورت رائیگاں نہیں جانے دیں گے، روی کمار

ملک وقوم کی حفاظت اور دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے سیکورٹی فورسز کے آفیسران وجوان ہمارے ماتھے کے جھومر ہیں

سبی (اے این این) جمعیت علماء اسلام اقلیتی امور کے صوبائی صدر رکن صوبائی اسمبلی روی کمار پہوجا نے قلات میں دہشت گردی کے واقعہ میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک وقوم کی حفاظت اور دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے سیکورٹی فورسز کے آفیسران وجوان ہمارے ماتھے کے جھومر ہے ان کی قربانیوں کو کسی صورت رائیگان نہیں جانے دیں گے جمعیت علماء اسلام سمیت اقلیتی برادری کے محبّ وطن شہری پاک افواج کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقلیتی نمائندگاں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر فوکل پرسن اقلیتی امور مکھی عامر چنڈال مکھی عمران چنڈال بھی موجود تھے رکن صوبائی اسمبلی روی کمار پہوجہ نے کارکناں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے قلات میں دہشت گردی کے واقعہ کی ذمت کرتے ہوئے میجر وجاہت وحید کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان کی موجودگی میں ملک دشمن عناصر کبھی اپنی سازشوں میں کامیاب نہیں ہونگے ملک وقوم کی حفاظت اور ترقی وخوشحالی کے لئے افواج پاکستان کی کاوشیں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے اب ضروری ہے کہ (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی ملاقات

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے رکن قومی اسمبلی وانفارمیشن سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب نوابزادہ افتخار احمد خان، رکن پیپلز پارٹی پنجاب کونسل وامیدوار حلقہ پی پی 271 میاں نوید اصغر کول اور نوابزادہ عدنان احمد خان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں متوقع بلدیاتی انتخابات اور ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین سینیٹ نے سیاسی صورتحال اور متوقع بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے تفصیلی اظہار خیال کرتے ہوئے جمہوری عمل کے تسلسل اور مقامی سطح پر عوامی مسائل کے حل کے لئے (بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)

مدینہ منورہ اور مشرقی علاقوں کی جانب آنیوالے 5 ڈرونز تباہ کردیئے، سعودی فوجی اتحاد

ریاض (یو این اے) سعودی فوجی اتحاد نے دعوی کیا ہے کہ مدینہ منورہ اور سعودی عرب کے مشرقی علاقوں کی جانب آنے والے 5 ڈرون فضا میں تباہ کر دیئے گئے۔ اتحادی افواج کے ترجمان کے مطابق دفاعی کارروائی کے دوران چاروں ڈرونز کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے ہی تباہ کر دیا گیا، تاہم حملے کے ممکنہ نقصانات سے متعلق مزید تفصیلات سامنے نہیں (بقیہ 36 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، صدر مالدیپ ڈاکٹر محمد معزو اور وزیر اعظم شہباز شریف کی موجودگی میں دونوں ممالک کے درمیان مختلف معاہدوں پر دستخط کئے جا رہے ہیں

گنداخہ میں بڑی چوری کی واردات پیٹرول پمپ سے 5 لاکھ روپے چوری

شہر میں امن وامان کی بہتری اور شہریوں کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے' عوامی حلقے

گنداخہ (اے این این) گنداخہ شہر میں نامعلوم چوروں نے رات کی تاریکی میں عمران پیٹرول پمپ کو نشانہ بناتے ہوئے تالے توڑ کر کاؤنٹر سے تقریباً پانچ لاکھ روپے چوری کرلیے اور فرار ہوگئے۔ پولیس تھانہ گنداخہ سے محض تقریباً 200 قدم کے فاصلے پر پیش آنے والی اس واردات کے بعد شہریوں اور کاروباری حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ تفصیلات کے مطابق عمران پیٹرول پمپ پر رات کے وقت نامعلوم ملزمان نے تالے توڑ کر اندر داخل ہونے کے بعد کاؤنٹر میں موجود رقم چوری کرلی۔ واقعے کے بعد عوامی، سیاسی اور سماجی حلقوں نے شہر میں امن وامان کی صورتِ حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا (بقیہ 38 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کے آغاز میں مثبت رجحان

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا آغاز مثبت زون سے ہوا۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز کاروبار کے آغاز میں مثبت رجحان دیکھا گیا، جہاں ہنڈرڈ انڈیکس 881 پوائنٹس بڑھ کر 1 لاکھ 66 ہزار سے پوائنٹس کی حد پر پہنچ گیا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ کاروباری روز کے اختتام پر سٹاک مارکیٹ میں اچانک مندی چھا گئی، جس کے (بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

کراچی: پولیس مقابلے کے بعد رکشہ گینگ کے انتہائی مطلوب 3 ملزمان گرفتار

ملزمان سے غیر قانونی اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا رکشہ برآمد

کراچی (جی این ایم) کراچی پولیس نے بلوچ پل کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے بعد گوپانگ رکشہ گینگ کے تین ملزمان کو گرفتار کرلیا، جن میں ایک ملزم زخمی حالت میں پکڑا گیا۔ پولیس کے مطابق رات گئے ٹیپو سلطان پولیس اور شاہین فورس نے بلوچ پل کے قریب رکشے میں سوار مشکوک افراد کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے فائرنگ کردی۔ دو طرفہ فائرنگ کے بعد ایک ملزم زخمی حالت میں جبکہ دو دیگر ملزمان کو بغیر زخمی ہوئے گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت غلام شبیر، تنویر اور رکشہ ڈرائیور سمیر ضمیر کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کا تعلق گوپانگ گینگ سے ہے اور وہ کراچی پولیس کو متعدد وارداتوں میں مطلوب تھے۔ پولیس کا کہنا ہے (بقیہ 45 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران کا اقوام متحدہ سے امریکا اور اسرائیل کی دھمکیاں رکوانے کا مطالبہ

تہران (جی این ایم) ایران نے اقوام متحدہ سے امریکا اور اسرائیل کی تہران کو دی جانے والی دھمکیاں رکوانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایران نے اقوام متحدہ کو خط لکھ کر امریکا کی جانب سے مدر آف آل بمز استعمال کرنے کی دھمکی کی مذمت کی اور مطالبہ کیا کہ امریکا اور اسرائیل کو ایسی دھمکیاں دینے سے روکا (بقیہ 44 اندرونی صفحہ 3 پر)

مسلم لیگ (ن) جمہوریت کو نقصان پہنچا رہی ہے، یونس عزیز زہری

خضدار، مولانا فضل الرحمٰن ملکی سیاست کے سرخیل ہیں، ان کی تدبر اور بصیرت کا کوئی ثانی نہیں

جمعیت علماء اسلام اپنے قائد کے بیانیے پر چٹان کی طرح قائم ہے، اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی

خضدار (یو این اے) جمعیت علما اسلام کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ جمعیت علمائے اسلام کے قائد مولانا فضل الرحمٰن سیاست کے سرخیل ہیں، ملک کی سیاست میں ان جیسا مدبر، زیرک اور تجربہ کار رہنما موجود نہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن نے ہر مشکل مرحلے پر ملک کا ساتھ دیا ہے۔ جب بھی ملک میں سیاسی بحران آیا، جمہوریت کو خطرہ لاحق ہوا یا آئین پر آنچ آئی، مولانا نے ہمیشہ ملک کی خاطر ذاتی مفادات کو پس پشت ڈال کر قومی مفاد کو ترجیح دی۔ انہوں نے کہا کہ آج مولانا فضل الرحمٰن پر جو بے جا تنقید کی جا رہی ہے وہ بے حد تشویشناک ہے۔ تنقید کرنے والے یہ بھول جاتے ہیں کہ یہ وہی قائد ہے جس نے ملک میں جمہوریت کی بحالی کے لیے (بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

سوتیلی بیٹی سے زیادتی کرنے والے سفاک شخص کو سزائے موت دینے کا حکم

پیدا ہونے والے بچے کا ڈی این اے مجرم سے میچ کرگیا تھا، عدالتی فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نے سوتیلی بیٹی سے زیادتی کرنے والے سفاک ملزم افتخار کو جرم ثابت ہونے پر سزائے موت کا فیصلہ سنا دیا ہے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد سہیل نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے مجرم افتخار کو پھانسی کی سزا سنائی اور ساتھ ہی 5 لاکھ روپے جرمانہ ادا کرنے کا حکم بھی جاری کیا۔ عدالت نے 10 لاکھ روپے کی رقم متاثرہ لڑکی کو ادا کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق عدالت نے زیادتی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کی کفالت کے لیے مجرم کو 20 لاکھ روپے ادا کرنے کا حکم دیا ہے، فیصلہ میں بتایا گیا کہ مجرم اپنی سوتیلی بیٹی سے والدہ کی عدم موجودگی میں ایک سال تک مسلسل زیادتی کرتا رہا۔ عدالتی فیصلے میں مزید واضح کیا گیا

افغانستان میں طالبان کی سخت پالیسیوں سے تعلیم یافتہ طبقہ شدید معاشی بحران کا شکار

طالبان کی ناجائز رجیم کے زیراثر افغانستان کا تمام تر معاشی اور سماجی ڈھانچہ مکمل تباہی کا شکار ہو چکا ہے' میڈیا رپورٹس

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان کے اقتدار کے بعد ملک کا سماجی اور معاشی نظام سنگین بحران کا شکار ہو چکا ہے جہاں بیروزگاری اور بدحالی نے ڈیرے ڈال لیے ہیں۔ طالبان کی بدترین اور ناجائز رجیم کے زیراثر افغانستان کا تمام تر معاشی اور سماجی ڈھانچہ مکمل تباہی کا شکار ہو چکا ہے جس کے نتیجے میں ملک کا تعلیم یافتہ طبقہ شدید بیروزگاری اور معاشی بدحالی کی لپیٹ میں آ کر سخت ترین مشکلات کا سامنا کرنے پر مجبور ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق طالبان رجیم کی نااہلی اور معاشی بدحالی نے علم بانٹنے والے اساتذہ کو درس گاہوں سے نکال کر سڑکوں پر لا کھڑا کیا ہے

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور صوبائی سیکرٹری سوشل ویلفیئر عصمت قریش ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی اور حکومت کے مذاکرات چند دنوں میں دوبارہ شروع ہوسکتے ہیں، عامر ڈوگر

خیبر پختونخوا میں بانی چیئرمین کی مرضی کے بغیر کوئی وزیر اعلی نہیں آسکتا، چیف وہپ

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی چیف وہپ عامر ڈوگر نے آئندہ دنوں میں مذاکرات دوبارہ شروع ہونے کا عندیہ دے دیا۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں عامر ڈوگر نے کہا کہ آئندہ کچھ دنوں میں مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں۔ بانی چیئرمین کی مرضی کے بغیر وزیر اعلی کی تبدیلی کی جانے والے 68 ارکان سے متعلق سلمان اکرم راجہ نے سخت مقف اپنایا ہے۔ عامر ڈوگر کا کہنا تھا کہ پارٹی میں اندرونی اختلافات کی خبریں بے بنیاد ہیں۔ پارلیمانی پارٹی کے اندر کوئی اختلافات نہیں۔

حکومت نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 1514 ارب روپے قرض لیا

ستمبر 2025 کے مقابلے میں ستمبر 2026 کے دوران تقریبا 913 ارب روپے زیادہ قرض حاصل کیا گیا' دستاویزات

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت نے رواں مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی، جولائی سے ستمبر کے دوران مجموعی طور پر 1514 ارب روپے قرض حاصل کیا، جبکہ صرف ستمبر 2026 میں 1037 ارب روپے قرض لیا گیا۔ وزارت اقتصادی امور کی دستاویزات کے مطابق ستمبر 2025 کے مقابلے میں ستمبر 2026 کے دوران تقریبا 913 ارب روپے زیادہ قرض حاصل کیا گیا۔ دستاویزات کے مطابق ستمبر کے دوران حکومت نے 3 ارب ڈالر کے بانڈز جاری کیے۔

پاکستان ہمارے لیے سب سے مقدم ہے، فرح عظیم شاہ

دفاعی صلاحیت ہو یا سفارتی میدان، پاکستان کامیابیوں کے سفر پر گامزن ہے، جب بھی پاکستان ترقی کرتا ہے تو دشمن سرگرم ہو جاتے ہیں

مولانا فضل الرحمان غیر ذمہ دارانہ بیانات سے گریز کریں، امن کے لیے پاکستان کا کردار دنیا بھر میں تسلیم شدہ ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (جی این ایم) رکن بلوچستان اسمبلی فرح عظیم شاہ نے مولانا فضل الرحمان کے بیانات اور الزام تراشی کو انتہائی افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں غیر ذمہ دارانہ بیانات اور بے بنیاد الزامات سے گریز کرنا چاہیے۔ کوئٹہ میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے فرح عظیم شاہ نے کہا کہ پاکستان ہمارے لیے سب سے مقدم ہے، امن کے لیے پاکستان کا کردار دنیا بھر میں تسلیم شدہ ہے، دفاعی صلاحیت ہو یا سفارتی میدان، پاکستان کامیابیوں کے سفر پر گامزن ہے، جب بھی پاکستان ترقی کرتا ہے تو دشمن سرگرم ہو جاتے ہیں اور پاکستان کو نقصان پہنچانے (بقیہ 47 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میر رضا کیس، کسی ایک فرد کی غلطی کو پورے محکمے کی غلطی قرار دینا زیادتی ہوگی، شرجیل میمن

یہ مقدمہ پولیس کے لیے بھی ایک سبق ہے کہ آئندہ عجلت کے بجائے مکمل تحقیقات کی جائیں، سینئر وزیر

کراچی (جی این ایم) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ میر رضا کیس سے متعلق جوڈیشل کمیشن جو سفارش کرے گا، اس پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا لیکن کسی ایک فرد کی غلطی کو پورے محکمے کی غلطی قرار دینا زیادتی ہوگی۔ نجی چینل سے گفتگو کے دوران شرجیل میمن نے کہا کہ میر رضا کیس میں جس کی کوتاہی ہوگی، اسے سزا ملے گی، یہ وہی سندھ پولیس ہے جس نے بڑے بڑے مقدمات حل کر کے دکھائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ اور بھتہ خوری کے واقعات پیش آتے رہے ہیں، ایسے واقعات صرف کراچی ہی نہیں بلکہ پاکستان اور پوری دنیا میں پیش آتے ہیں۔ پولیس کا فرض ہے کہ شفاف تحقیقات کرے اور ذمہ داران کو سزا دلوائے،

ملتان، یتیم بچے کو کار سے کچلنے والا ملزم مقابلے میں ہلاک

ملتان (جی این ایم) ملتان میں یتیم بچے کو کار سے کچلنے والا ملزم توقیر مقابلے میں ہلاک ہوگیا، ڈسٹرکٹ آفیسر سی سی ڈی کا دعوی ہے کہ ملزم ریمانڈ پر تھا اور فرار ہوگیا تھا۔ سی سی ڈی کے مطابق ملزم موٹرسائیکل پر جارہا تھا جسے روکنے کی کوشش کی گئی، ناردرن بائی پاس بہاولپور پر پولیس نے دو موٹرسائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی، فائرنگ کی۔

شمالی کوریا کی فوج کو دشمن کی نقل وحرکت کے جواب میں بھرپور فوجی کارروائی کا حکم

سرحدی دفاع کو مضبوط بنانے کیلئے ضروری اقدامات کررہے ہیں، آرمی مارشل شمالی کوریا

پیانگ یانگ (جی این ایم) شمالی کوریا نے سرحدی دفاع مزید مضبوط بنانے اور دشمن کی فوجی نقل وحرکت کے جواب میں بھرپور کارروائی کا حکم دے دیا۔ خبر ایجنسی کے مطابق شمالی کوریا کے آرمی مارشل اور رہنما کم جونگ ان کی بہن کم یو جونگ نے سرحدی علاقے کا دورہ کیا، جہاں سرحدی دفاعی اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ شمالی کوریا کے آرمی مارشل نے ہدایت کی کہ اگر دشمن کی جانب سے فوجی اشتعال انگیزی کی جائے تو فوری اور فیصلہ کن کارروائی کی جائے، سرحدی دفاع مضبوط بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ آرمی مارشل نے مزید کہا کہ شمالی کوریا کی فوج اپنی سرحدی حدود کو کسی بھی دوسرے فریق سے بہتر جانتی ہے۔ ود کو کسی بھی دوسرے فریق سے بہتر جانتی ہے۔

امریکی وزیر جنگ کا غیر اعلانیہ دورہ اسرائیل

تل ابیب (جی این ایم) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے اسرائیل کے غیر اعلانیہ دورے کے دوران اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو سے ایران کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیر اعظم کے ترجمان ڈورون اسپل مین نے بعد ازاں برطانوی خبر رساں ادارے کو تصدیق کی کہ نیتن یاہو نے اسرائیل کے جنوبی ہیگسیتھ سے ملاقات کی

لاہور ہائیکورٹ کا ہتکِ عزت کے مقدمات سے متعلق اہم فیصلہ

خصوصی ٹربیونل قائم نہ ہو تو شہری کو ہتک عزت کیس دائر کرنے کے حق سے محروم نہیں کیا جاسکتا، عدالتی فیصلہ

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے ہتکِ عزت کے دعوے کو مدتِ معیاد کی بنیاد پر خارج کرنے کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے ریمارکس دیے کہ خصوصی ٹربیونل قائم نہ ہو تو شہری کو ہتک عزت کیس دائر کرنے کے حق سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔ جسٹس مرزا وقاص رف اور جسٹس انوار حسین نے اپیل پر فیصلہ سنایا۔ عدالت نے ہتکِ عزت کے دعوے پر میرٹ کے مطابق فیصلہ کرنے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے محمد فاروق ملک کی اپیل منظور کرتے ہوئے معاملہ دوبارہ ہتکِ عزت ٹربیونل کو بھجوا دیا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق حکومت ہتکِ عزت مقدمات کے لیے خصوصی ٹربیونل قائم نہ کرے تو شہری مقررہ مدت کے اندر سول عدالت سے رجوع کرسکتا ہے، قانونی حق ختم نہیں کیا جاسکتا۔

یوکرین کے لیے جنگ ختم کرنے کا وقت آ گیا، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ یوکرین کے لیے جنگ ختم کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ اوول آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرین پر زور دیا کہ وہ روس کے ساتھ جنگ کے خاتمے کے لیے معاہدہ کرے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ زیلنسکی کوئی سمجھوتہ کرلیں، ہم نے یوکرین کو بہت کچھ دیا لیکن بدلے میں ہمیں سوائے دکھ اور بھاری مالی نقصان کے کچھ حاصل نہیں ہوا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ زیلنسکی کوئی سمجھوتہ کرلیں، ہم نے یوکرین کو بہت کچھ دیا لیکن بدلے میں ہمیں سوائے دکھ اور بھاری مالی نقصان کے کچھ حاصل نہیں ہوا۔

پنجاب میں جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد، نوٹیفکیشن جاری

پابندی کا اطلاق 30 روز تک کیلئے خفیہ طور پر تصاویر، ویڈیو اور آواز ریکارڈ کرنے والے آلات پر ہوگا

لاہور (جی این ایم) حکومتِ پنجاب نے جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کردی۔ حکومتِ پنجاب کی جانب سے جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کی گئی ہے جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پابندی کا اطلاق 30 روز تک کیلئے خفیہ طور پر تصاویر، ویڈیو اور آواز ریکارڈ کرنے والے آلات پر ہوگا۔ خفیہ کیمروں والی عینک، پین، کی چین وغیرہ کے استعمال سمیت دکانوں اور آن لائن خرید وفروخت پر پابندی ہوگی۔

کوئٹہ: رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

عوامی مسائل کا حل اور بلوچستان کی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، سلیم کھوسہ

حکومت کی کوشش ہے کہ دستیاب وسائل کو عوامی مفاد میں استعمال کیا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات صوبے کے دور دراز علاقوں تک پہنچائے جائیں' وزیر مواصلات

صوبے میں مواصلات اور تعمیرات کے شعبوں کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں، عوامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے' بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور صوبے میں پائیدار ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ مواصلات اور تعمیرات کا شعبہ صوبے کی ترقی میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ بہتر سڑکیں اور معیاری تعمیراتی منصوبے نہ صرف عوام کو آمد ورفت کی سہولت فراہم کرتے ہیں بلکہ تجارت، تعلیم، صحت اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں' یہ بات انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے تمام علاقوں میں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی اور ان پر عملدرآمد ضروری ہے۔ (بقیہ 46 اندرونی صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کے الہان عمر پر شدید ذاتی حملے، جیل بھیجنے کی دھمکی دے دی

الہان عمر امریکا سے نفرت کرتی ہیں اور ملک کو چلانے کے طریقے بتانا چاہتی ہیں، ٹرمپ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے رکن کانگریس الہان عمر کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ان پر بے ایمانی اور امریکا سے نفرت کرنے کے الزامات عائد کیے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے الہان عمر کے بارے میں کہا کہ وہ ایک بیمار ذہنیت کی حامل اور انتہائی بے ایمان خاتون ہیں، انہیں جیل بھی بھیجا جا سکتا ہے۔ امریکی صدر نے الزام لگایا کہ الہان عمر امریکا سے نفرت کرتی ہیں اور ملک کو چلانے کے طریقے بتانا چاہتی ہیں۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ الہان عمر امریکا کے لیے باعثِ شرم ہیں، صومالی باشندے اسے ووٹ دیتے ہیں، ان کو یہاں ہونا ہی نہیں چاہیے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے صومالیہ کو بھی شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ ایک انتہائی غلیظ اور بدحال جگہ ہے،

ڈی آئی خان: امن میلہ چیک پوسٹ پر حملہ ناکام

ڈی آئی خان (اے این این) ڈی آئی خان کے علاقے درازندہ میں امن میلہ چیک پوسٹ پر پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے حملہ ناکام بنا دیا۔ پولیس کے مطابق امن میلہ چیک پوسٹ پر قریبی پہاڑوں سے فائرنگ کی گئی۔ پولیس نے بتایا ہے کہ پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار ہو گیا۔ پولیس کے مطابق سرچ آپریشن کے بعد علاقے کو کلیئر کردیا گیا ہے۔

سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر

سردیوں میں صرف پنجاب کی گیس ضرورت ایک ارب مکعب تک پہنچنے کا خدشہ ہے، ذرائع

اسلام آباد (جی این ایم) سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ ذرائع پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق ملک بھر میں سوئی ناردرن اور سدرن کو مجموعی مقامی گیس دستیابی ایک ارب 40 کروڑ مکعب فٹ ہے جب کہ سردیوں میں صرف پنجاب کی گیس ضرورت ایک ارب مکعب تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ سردیوں میں ایل این جی کے 18 کارگوز خریدنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اور قطر سے سستی ایل این جی درآمد کو ترجیح دی جائے گی، اسپاٹ ایل این جی خریداری میں 30 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو آخری حد ہوسکتی ہے۔

سیکیورٹی وجوہات: عراق نے ایران سے ملحق شیب بارڈر کراسنگ بند کردی

بغداد (جی این ایم) عراق نے سیکیورٹی وجوہات کے سبب ایران کے ساتھ ملحق شیب بارڈر کراسنگ بند کردی۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ شیب کراسنگ مسافروں، گاڑیوں اور ٹرکوں کے لیے تاحکم ثانی بند کردی گئی ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق یہ فیصلہ کراسنگ کے اندر سیکیورٹی انتظامات پر نظرِ ثانی کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔ شیب کراسنگ دونوں ممالک کے درمیان سامان اور مسافروں کی آمد ورفت کے لیے اہم گزرگاہوں میں سے ایک ہے۔ ممالک کے درمیان سامان اور مسافروں کی آمد ورفت کے لیے اہم گزرگاہوں میں سے ایک ہے۔

BCSW
GOVERNMENT OF BALOCHISTAN
Quarterly Board Meeting
Balochistan Commission On
Status Of Women
CM Balochistan
Mir Sarfaraz Bugti

کوئٹہ، بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کے 13 ویں بورڈ اجلاس کی صدارت چیئرپرسن کرن بلوچ کررہی ہیں

افزودہ یورینیم کا ایک ذرہ بھی ملک سے باہر نہیں جائے گا، محسن رضائی

امریکا کے ساتھ اعتماد کی بحالی تک مذاکرات نہیں ہوں گے، ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری کا بیان

تہران (جی این ایم) ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ افزودہ یورینیم کا ایک ذرہ بھی ملک سے باہر نہیں جائے گا۔ ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں کہا کہ جب تک امریکا اعتماد کی بحالی کے لیے عملی اقدامات نہیں کرتا، کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے، اعتماد سازی کے لیے امریکا کو ایران کی تمام شرائط پر مکمل عمل درآمد سے اقدامات کا آغاز کرنا ہوگا' محسن رضائی اس سے قبل بھی ایران کے افزودہ جوہری مواد کو قومی اثاثہ قرار دے چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس مواد کو ملک کے اندر استعمال کے لیے محفوظ رکھا گیا ہے۔ دوسری جانب امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ امن معاہدہ طے کرنا انتہائی مشکل ہے، جب تک تہران آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانا بند نہیں کرتا، واشنگٹن ایران پر اقتصادی دباؤ برقرار رکھے گا۔ امریکی وزیر خارجہ نے آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کو نشانہ بنانے والے ایرانی حملوں پر بھی تشویش کا اظہار کیا ہے اور تہران پر زور دیا ہے کہ وہ یہ حملے بند کرے۔ ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ افزودہ یورینیم کا ایک ذرہ بھی ملک سے باہر نہیں جائے گا۔ ایرانی سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں کہا کہ جب تک امریکا اعتماد کی بحالی کے لیے عملی اقدامات نہیں کرتا، کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے،

معیشت کے مکمل تباہ ہونے کا کوئی امکان نہیں ہے' ایران

تہران (جی این ایم) ایران نے امریکی دعوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی معیشت کے مکمل تباہ ہونے کا کوئی امکان نہیں، تاہم حکام نے اعتراف کیا ہے کہ امریکی پابندیوں اور جنگ کے باعث ملک کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر نے گزشتہ ہفتے دعوی کیا تھا کہ ایران پر فوجی حملوں اور اس کی جنوبی بندرگاہوں کی بحری ناکہ بندی سے ایرانی معیشت کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ بریڈ کوپر کے مطابق امریکا نے ایران کی کم از کم 25 ارب ڈالرز کی خام تیل کی برآمدات روکنے کے ساتھ تقریبا 35 کروڑ ڈالرز کے کرپٹو کرنسی کے اثاثے بھی منجمد کرنے میں مدد دی۔ تقریبا 35 کروڑ ڈالرز کے کرپٹو کرنسی کے اثاثے بھی منجمد کرنے میں مدد دی۔

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس سے متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)